Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعرات 19 جنوری 2023ء، 26 جمادی الثانی 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 248

وزیراعلی محمود خان نے منگل کی شب اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری دستخط کر کے گورنر کو ارسال کی تھی، جو رات 10 بجے گورنر ہاس کو موصول ہوئی

KPK اسمبلی تحلیل، گورنر نے وزیراعلیٰ کی سمری پر دستخط کردیئے

گورنر کے احکامات کے مطابق صوبائی کابینہ بھی تحلیل ہوگئی جب کہ گورنر نے نگراں وزیراعلی کے تقرر تک وزیراعلی محمود خان کو کام کرنیکی ہدایت کی ہے

واضح رہے کہ وزیراعلی اور اپوزیشن لیڈر 20 جنوری تک 3 دن آپس میں مشاورت کرتے ہوئے نگراں وزیراعلی کے نام پر اتفاق کریں گے

پشاور (خصوصی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے صوبائی اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری پر دستخط کردیے، جس کے بعد پختونخوا اسمبلی اور کابینہ تحلیل ہوگئے۔ قبل ازیں وزیراعلی محمود خان نے منگل کی شب اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری دستخط کرکے گورنر کو ارسال کی تھی، جو رات 10 بجے گورنر ہاس کو موصول ہوئی، اور جس پر مشاورت کے بعد گورنر حاجی غلام علی نے آئین کے آرٹیکل (1)112 کے تحت بدھ کی صبح اس پر دستخط کردیے، جس کے ساتھ ہی صوبائی اسمبلی تحلیل ہوگئی۔ گورنر کے احکامات کے مطابق صوبائی کابینہ بھی تحلیل ہوگئی جب کہ گورنر نے نگراں وزیراعلی کے تقرر تک وزیراعلی محمود خان کو کام کرنیکی ہدایت کی ہے۔ دوسری جانب گورنر نے وزیراعلی محمود خان اور اپوزیشن لیڈر اکرم خان درانی کو آپس میں مشاورت کے ذریعے نگراں وزیراعلی کے تقرر کیحوالے سے مشاورت اور اتفاق رائے کے لیے بھی کہا ہے اور واضح کیا ہے کہ اس سلسلے میں گورنر اور ان کا دفتر ہمہ وقت سہولت کے لیے موجود ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعلی اور اپوزیشن لیڈر 20 جنوری تک 3 دن آپس میں مشاورت کرتے ہوئے نگراں وزیراعلی کے نام پر اتفاق کریں گے اور ناکامی کی صورت میں اسپیکر مشتاق غنی تحلیل شدہ اسمبلی سے حکومت و اپوزیشن کے 3، 3 ارکان پر مشتمل پارلیمانی کمیٹی قائم کریں گے۔ 2 دنوں کے اندر 4 ناموں پر غور کرتے ہوئے نگراں وزیراعلی کے حوالے سے اتفاق رائے (بقیہ نمبر1)

سیلاب کی تباہی کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا، حنا ربانی

پاکستان میں زلزلے کے بعد فوری امداد ملی تھی، افسوس کی بات ہے کہ ماحولیاتی بحران کے باوجود اس بار ایسا نہیں ہوا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیرمملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ سیلاب کی تباہی کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ امریکی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں حنا ربانی کھر نے کہا کہ جس غیر متناسب تباہی کا پاکستان کو سامنا ہوا ہے اس کی قیمت (بقیہ نمبر4)

PDM کی تمام جماعتیں سیاسی طور پر دفن ہوچکی ہیں، شیخ رشید

پارک لین میں قید تنہائی کاٹنے والے میرے ساتھ واپس پاکستان چلیں، سابق وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (نامہ نگار) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سب کہتے تھے عمران خان کو سیاست نہیں آتی، اس نے ان کو ناکوں چنے چبوا دیئے ہیں، خود کو سیاسی پنڈت سمجھنے والے عمران خان کے ہاتھوں رسوا ہوگئے ہیں۔ مانچسٹر میں (بقیہ نمبر3)

عمران خان دور میں نیب آرڈیننس سے بری اور مستفید ہونے والوں کی تفصیلات طلب

سپریم کورٹ نے عمران خان کے دور میں نیب آرڈیننس سے بری اور مستفید ہونے والوں کی تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) سپریم کورٹ نے عمران خان کے دور میں نیب آرڈیننس سے بری اور مستفید ہونے والوں کی تفصیلات طلب کرلیں۔ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی خصوصی بینچ نیب ترامیم کیس کے خلاف عمران خان (بقیہ نمبر2)

وزیراعلی چودھری پرویزالٰہی کی قیادت میں پنجاب حکومت نے تاریخ ساز اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے میں نجی سود کے کاروبار پر پابندی کا قانون نافذالعمل کردیا

پنجاب میں نجی طور پر سود کے کاروبار پر پابندی عائد، نوٹیفکیشن بھی جاری

سود ایک لعنت ہے اور دین اسلام میں اسے اللہ کے خلاف جنگ قرار دیا گیا ہے، نجی سود کے حوالے سے پابندی کا قانون دین کی خدمت ہے، وزیراعلی پنجاب

لین دین کرنے والوں کو 10 سال قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، قانون نافذ ہونے کے بعد ماضی میں نجی طور پر سود کی مد میں رقم لینے والا شخص اب صرف اصل رقم ہی واپس کرے گا

نجی سود کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کوئی بھی شہری تھانے جا کر ایف آئی آر درج کرا سکے گا، پابندی کا قانون نافذ ہونے کے بعد کئی گھر اجڑنے سے محفوظ رہیں گے، پرویزالٰہی

لاہور (خصوصی خبر نگار) وزیر اعلی چودھری پرویزالٰہی کی قیادت میں پنجاب حکومت نے تاریخ ساز اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے میں نجی سود کے کاروبار پر پابندی کا قانون نافذ العمل کردیا۔ چودھری پرویزالٰہی نے دی پنجاب پروہبیشن آف انٹرسٹ آن پرائیویٹ لونز ایکٹ The Punjab 2022 Prohibation of Interest Loans Act) کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے بعد پنجاب بھر میں نجی سود کا کاروبار کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ وزیر اعلی پنجاب نے (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیراعلی چودھری پرویزالٰہی کی قیادت میں پنجاب حکومت نے تاریخ ساز اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے میں نجی سود کے کاروبار پر پابندی کا قانون نافذ العمل کردیا

ہوشاب: سکیورٹی فورسز کا خفیہ اطلاع پر آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک

آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں دیسی ساختہ بم، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

راولپنڈی (نامہ نگار) بلوچستان کے علاقے ہوشاب اور تلسر میں سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ہوشاب اور تلسر میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر آپریشن (بقیہ نمبر7)

ن لیگ نے پارلیمانی کمیٹی کے ناموں کی منظوری دے دی

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور اتحادی جماعت ق لیگ کے بعد مسلم لیگ (ن) نے بھی پارلیمانی کمیٹی کے 3 ناموں کی منظوری دے دی ہے۔ پنجاب میں نگران (بقیہ نمبر 6)

اوورسیز کو ووٹنگ سے روکنے کیلئے پولنگ کا طریقہ مشکل بنادیا گیا، سپریم کورٹ

جسٹس اعجازالاحسن نے استفسار کیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ ڈالنے پاکستان آنا ہوگا یا باہر رہ کر بھی ووٹ ڈال سکتے ہیں

درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دیا تھا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹنگ سے روکنے کیلئے پولنگ کا طریقہ کار مشکل بنا دیا گیا۔ سپریم کورٹ میں سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کے کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے عمران خان اور شیخ رشید کی درخواستوں پر الیکشن کمیشن کو (بقیہ نمبر 8)

آئندہ ہفتے ڈالرز آئیں گے تو زرمبادلہ ذخائر بڑھ جائیں گے، گورنر سٹیٹ بینک

ہمیں کاروبار کو سہولت دینی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے سبب ہمیں کچھ اقدامات کرنے پڑے، گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد

ہماری امپورٹس کم ہوئی ہیں، 33 ہزار ایل سیز کے کیسز کلیئر کیے ہیں، ایل سی کو جانچنے میں کافی وقت لگتا ہے، ایل سیز جلد کھول دیں گے

کراچی (خبر نگار) گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ ڈالرز دیکھ کر امپورٹ کا فیصلہ کرتے ہیں، اگلے ہفتے سے ڈالرز آئیں گے تو زرمبادلہ کے ذخائر بڑھنا شروع ہو جائیں گے۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) میں خطاب کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ (بقیہ نمبر12)

لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کو غیرمسلموں کے طلاق سرٹیفکیٹ سے متعلق 90 روز میں رولز بنانے کا حکم دے دیا

وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نجی دورے پر لندن روانہ

وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر بھی ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نجی دورے پر آج دوپہر لندن روانہ ہوگئے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نجی پرواز کے ذریعے اسلام آباد انٹر (بقیہ نمبر 13)

عمران خان اس وقت رکن قومی اسمبلی نہیں ہیں، الیکشن کمیشن

معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ عمران خان انتخابی اخراجات کی تفصیل الیکشن کمیشن میں جمع کروا چکے ہیں

عمران خان میانوالی نشست سے نااہل ہوچکے، ضمنی انتخابات میں عمران خان کی جیتی ہوئی نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اس وقت رکن قومی اسمبلی نہیں ہیں۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق عمران خان میانوالی نشست سے نااہل ہوچکے، ضمنی انتخابات میں عمران خان کی جیتی ہوئی نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان نے انتخابی اخراجات کی تفصیلات تاخیر سے جمع کروائیں، توشہ خانہ کیس کے فیصلے کے بعد سابق وزیراعظم کے خلاف کچھ درخواستیں بھی زیرالتوا ہیں۔ معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ عمران خان انتخابی اخراجات کی تفصیل الیکشن کمیشن میں جمع کروا چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اس وقت رکن قومی اسمبلی نہیں ہیں۔ ذرائع الیکشن (بقیہ نمبر 11)

کراچی: وزیراعلی سندھ کا حافظ نعیم الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ

نواز شریف ایک ماہ میں وطن واپس آرہے ہیں، گورنر محمد بلیغ الرحمان

نگران وزیراعلی کے لئے پرویزالٰہی اور ملک احمد خان سے بات کی، گورنر پنجاب

لاہور (نامہ نگار) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ نواز شریف ایک ماہ میں وطن عزیز واپس آرہے ہیں، قائد مسلم لیگ ن کا استقبال کرنے میں خود ائیر پورٹ جاں گا۔ سینئر صحافیوں سے (بقیہ نمبر14)

پشاور ہائیکورٹ نے چیف ایگزیکٹو پیسکو کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا

پشاور (سٹی رپورٹر) پشاور ہائیکورٹ نے حکم کی خلاف ورزی کرنے پر نئے چیف ایگزیکٹو پیسکو اور دیگر فریقین کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا۔ پشاور ہائی کورٹ میں کیس کی سماعت جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس اعجاز انور پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی، اس دوران درخواست گزار کے وکیل نے استدعا (بقیہ نمبر15)

پنجگور: ایران کی حدود سے دہشت گردوں کا حملہ، 4 سکیورٹی اہلکار شہید

عمران خان کا براہ راست فیلڈ میں سیاسی قیادت سنبھالنے کا فیصلہ

پارٹی ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان کی صحت میں بہتری آئی ہے

عمران خان فروری کے پہلے ہفتے یا اس سے بھی پہلے سٹریٹ موومنٹ کی قیادت کریں گے

لاہور سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے فروری کے پہلے ہفتے سڑکوں پر آنے اور وفاقی حکومت پر دباؤ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان کی صحت میں بہتری آئی ہے اور ان کے ڈاکٹرز نے ایک ہفتے بعد ٹانگ سے پلاسٹر اتارنے کی یقین دہانی کروادی ہے، پلاسٹر اترتے ہی عمران خان سیاسی سرگرمیوں کی براہ راست فیلڈ میں قیادت سنبھالیں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی فروری کے پہلے ہفتے یا اس سے بھی پہلے سٹریٹ موومنٹ کی قیادت کریں گے، عمران خان پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بھرپور انتخابی مہم کی قیادت کریں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان نے پارٹی کے ساتھ آئندہ سٹریٹ موومنٹ کا لائحہ عمل طے کرنے کے لئے اجلاس طلب کر لیے ہیں، اس حوالے سے عمران خان لاہور کی تنظیم کے ساتھ آج (بقیہ نمبر 9)

بلوچستان میں آج سے بارشوں اور برفباری کا نیا سلسلہ شروع ہونے کی پیشگوئی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بارش اور برف باری کا سبب بننے والی مغربی ہوائیں شمالی بلوچستان میں داخل ہوگئیں جبکہ بلوچستان میں آج سے بارشوں اور برفباری کا نیا سلسلہ شروع ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج اور جمعرات کو بلوچستان میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی کردی جبکہ محکمہ پی ڈی ایم اے نے بارش اور برفباری کے پیش نظر ڈپٹی کمشنرکو الرٹ رہنے کا مراسلہ جاری (بقیہ نمبر10)

عوامی للکار کی خبر پر ایکشن: چک جلال دین مدنی محلہ پانی کی بندش پر واسا MD کا نوٹس

احمد احسن نے، مدنی محلّہ کے ٹیوب ویل کا وزٹ کرکے ٹیوب ویل کی ریپیرنگ فوری کروا کے مدنی محلّہ میں پانی کی سپلائی بحال کردی

شہریوں نے ایم ڈی واسا کا شکریہ ادا کیا ہے کہ جنہوں نے مدنی محلہ پانی کی بندش کا نوٹس لیا اور پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ روز عوامی للکار میں شائع ہونے والی خبر پر ایکشن ایم ڈی واسا کی ہدایت پر سب انجینئر احمد احسن نے چک جلال دین مدنی محلّہ کے ٹیوب ویل کا وزٹ کرکے ٹیوب ویل کی ریپیرنگ فوری کروا کے مدنی محلّہ میں پانی کی سپلائی بحال کر دی۔ ایم ڈی واسا کے نوٹس (بقیہ نمبر18)

راولپنڈی: 35 استعفوں کی ایک ساتھ منظوری سے نام نہاد جمہوریت بے نقاب ہوگئی: شیخ رشید

نائن الیون کے بعد کہا گیا مدرسے والا مولوی خطرناک دہشتگرد ہے، فضل الرحمان

پشاور (جنرل رپورٹر) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ نائن الیون کے بعد کہا گیا مدرسے والا مولوی بڑا خطرناک اور دہشت گرد ہے، یہ تاثر پھیلایا اور پھر دینی مدارس کی رجسٹریشن بند کرادی۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ امریکا، نیٹو پر کسی نے حملہ نہیں کیا، وہ خود افغانستان پر (بقیہ نمبر17)

احتجاج سمیت تمام آپشنز موجود، پیپلز پارٹی ہمارے حق پر شب خون نہ مارے، سراج الحق

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہمارے حق پر شب خون نہ مارے، اگر پیپلز پارٹی ہمارا حق نہیں دیتی تو احتجاج سمیت بہت سارے آپشن موجود ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی حقائق کو تسلیم کرے گی تو ویل کم کریں گے، کراچی (بقیہ نمبر20)

الیکشن تیاریاں: عمران خان کے زیرصدارت تحریک انصاف کا اجلاس

الیکشن کی تاریخ میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، چیئرمین پی ٹی آئی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم عمران خان کے زیر صدارت الیکشن کی تیاریوں کے سلسلہ میں تحریک انصاف کا اجلاس ہوا، پارٹی رہنماں نے تیاریوں بارے بریفنگ دی۔ عمران خان کے زیرصدارت اجلاس میں تمام تنظیموں نے ڈور ٹو ڈور مہم کے حوالے سے چیرمین کو بریف کیا، عمران خان کی جانب سے انتخابات کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار (بقیہ نمبر19)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایت

دس کلو آٹے کا تھیلا گورنمنٹ کی مقرر کردہ قیمت چھ سو اڑتالیس روپے

عوام کی سہولت کو مدِنظر رکھتے ہوئے پوئنٹس کا اضافہ کردیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر آج بروز بدھ دس کلو آٹے کا تھیلا گورنمنٹ کی مقرر کردہ قیمت چھ سو اڑتالیس روپے میں اسلام آباد کے مختلف ایک سو نو (109) پوائنٹس پر دستیاب ہیں، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا کہنا ہے کہ عوام کی سہولت کو مدِنظر رکھتے ہوئے پوئنٹس کا اضافہ کردیا گیا ہے، اوراب (82) بیاسی اور ستائیس یوٹیلیٹی اسٹورز پر حکومت کی مقرر کردہ قیمت پر سبسڈائز آٹا دستیاب ہے، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے بتایا کہ سیکرٹریٹ سب ڈویژن بہارہ کہو میں اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کی زیرِ نگرانی گل ٹاؤن، کرنل امان اللہ روڈ، پاک ٹاؤن، محلہ کس ٹاؤر گلی بہارہ کہو، پاک ٹاؤن، الحق سکول نئی آبادی بہارہ کہو یوسی نو اور محلہ قاضی نئی آبادی یوسی نو میں موجود ہیں، سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے ہر پوائنٹ پر آٹے کے نو سو تھیلے موجود (بقیہ نمبر16)

لاہور میں بچے سے بدفعلی کرکے ویڈیو بنانے والا مرکزی ملزم گرفتار

ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں جلد گرفتار کرلیے جائیں گے

بچوں وخواتین سے زیادتی کے مرتکب کسی رعایت کے مستحق نہیں، ڈاکٹر عمارہ شیرازی

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده پولیس نے کمسن بچے سے بدفعلی کرکے ویڈیو بنانے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم بلال نے 12 سالا لڑکے ایلیا کو آج صبح اپنے گھر میں بدفعلی کا نشانہ بنایا اور اسے بلیک میل کرنے کیلئے ویڈیو بھی بنائی۔ ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے بتایا کہ باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جلد گرفتار کرلیے جائیں گے۔ ڈاکٹر عمارہ شیرازی کا کہنا تھا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے حوالات میں بند کردیا گیا ہے۔ بچوں وخواتین سے زیادتی کے مرتکب کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ سانده پولیس نے کمسن بچے سے بدفعلی کرکے ویڈیو بنانے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم بلال نے 12 سالا لڑ (بقیہ نمبر21)

سرکاری اہلکاروں کے روپ میں ڈکیتیاں کرنے والے گروہ کا گوجرخان کا رخ

شہریوں کو لوٹنے والے گروہ گوجرخان میں انٹری، بیٹریوں کی سپلائی کرکے لوٹنے والے شخص کو پنجاب کالج کے قریب لوٹ لیا گیا

مقدمے کا بروقت اندراج کیا گیا جیوفینسنگ کروالی گی ہے۔ بہت جلد ہی ملزمان کو گاڑی سمیت گرفتار کرلیا جائے گا، ایس ایچ او ملک نذیر احمد گھیبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں میں سرکاری اہلکاروں کے روپ میں شہریوں کو لوٹنے والے گروہ گوجرخان میں انٹری راولپنڈی میں پولیس مقابلے میں ایک ملزم کی ہلاکت اور گینگ کے کچھ کارندوں کی گرفتاری کے بعد اس گروہ نے تحصیل گوجرخان کا رخ کرلیا گوجرخان میں پہلے موٹرسائیکل سوار ڈکیت گینگ متحرک تھا اب وائرلس سیٹ اٹھائے سرکاری اہلکاروں کے روپ میں ایک نئی گینگ نے روات کے رہائشی مستنصر جو بیٹریوں کی سپلائی کرکے میرپور سے واپس آرہا تھا اسے تھانہ گوجرخان کے نواح پنجاب کالج کے پاس روک کر 1 لاکھ 75 ہزار سے محروم کردیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ نے اس واردات کے حوالے سے موقف دیتے ہوئے کہا کہ متاثرہ شخص کی درخواست پر تفتیشی افسر نے اسی وقت رپٹ درج (بقیہ نمبر22)

POLICE STATION
گوجرخان

بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 4 روپے 46 پیسے تک اضافے کی منظوری

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 4 روپے 46 پیسے تک اضافے کی منظوری دے دی، جس کا اطلاق ڈسکوز پر ہوگا۔ نیپرا نے ڈسکوز کے مالی سال 2022-23 کی پہلی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی منظوری دے دی، جس کے تحت پہلی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مختلف کیٹگریز کی مد میں (بقیہ نمبر24)

وزیراعلی سندھ کا حافظ نعیم الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ

اس موقع پر وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے حافظ نعیم الرحمان کو یقین دہانی کروائی

کراچی (خبرنگار) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے وزیراعلی کا امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ اس موقع پر وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے حافظ نعیم الرحمان کو یقین دہانی کروائی کہ ان کے جو بھی جائز خدشات ہیں ان کو دور کیا جائے گا۔ وزیراعلی سندھ کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے جو الیکشن کمیشن سے مسائل ہیں ان پر الیکشن کمیشن سے رابطہ کریں، جو مسائل سندھ حکومت سے ہیں، ان کے حل کے لئے سندھ حکومت غیر جانبدارانہ کردار ادا کرے گی۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ. (بقیہ نمبر23)

پشاور: نائن الیون کے بعد کہا گیا مدرسے والا مولوی خطرناک، دہشتگرد ہے، فضل الرحمان

حکومت اپریل میں الیکشن کرانے پر مجبور ہوجائے گی، عمران خان

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ حکومت اپریل میں الیکشن کرانے پر مجبور ہوجائے گی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ کہ اس وقت دو مہینے بھی بہت دور لگ رہے ہیں۔ میری پیشگوئی ہے کہ (بقیہ نمبر25)

ریسٹورنٹ کے رائڈر کو گن پوائنٹ پر لوٹنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے آرائے بازار کے علاقہ میں متعدد وارداتوں کا انکشاف

پولیس کو اطلاع دی کہ ملزم نے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھینا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آر اے بازار پولیس کی فوری کاروائی، ریسٹورنٹ کے رائڈر کو گن پوائنٹ پر لوٹنے والا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس کو رائڈر نے پولیس کو اطلاع دی کہ ملزم نے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھینا، آرائے بازار پولیس نے فوری رسپانس کرتے ہوئے ملزم آفاق کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم نے آرائے بازار کے علاقہ میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا جسے شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ایس پی پوٹھوہار ملک طارق محبوب (بقیہ نمبر 26)

پیمرا کی مظفرگڑھ میں غیر قانونی انڈین چینلز چلانے والے کیبل آپریٹرز کیخلاف کارروائی

تمام کیبل آپریٹرز کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ غیر قانونی انڈین مواد اور انڈین چینلز کی نشریات بند کردیں

ملتان کے فیلڈ سٹاف نے غیر قانونی انڈین چینلز چلانے والے کیبل آپریٹرز کے خلاف خان گڑھ اور مظفر گڑھ میں کارروائی کی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کی ہدایات پر پیمرا ریجنل آفس ملتان کے فیلڈ سٹاف نے غیر قانونی انڈین چینلز چلانے والے کیبل آپریٹرز کے خلاف خان گڑھ اور مظفر گڑھ میں کارروائی کی۔ پیمرا ریجنل آفس ملتان نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات اور پیمرا کے ماضی میں جاری کردہ نوٹسز کی روشنی میں کیبل آپریٹرز کے دفاتر کی اچانک انسپیکشن کے دوران دو کیبل آپریٹرز میسرز خان گڑھ کیبل نیٹ ورک خان گڑھ اور میسرز زی کیبل نیٹ ورک مظفر گڑھ کو پیمرا قوانین کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا اوران کے غیر قانونی چینلز کی ترسیل میں استعمال ہونے والے آلات کو ضبط کرلیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پیمرا غیر قانونی/انڈین چینلز کی تقسیم کار، غیر مہذب مواد کی تقسیم کے حوالہ سے کوئی بھی رعایت نہیں برتے گی۔ تمام کیبل آپریٹرز کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ غیر قانونی انڈین مواد اور انڈین چینلز کی نشریات بند کردیں بصورت دیگر ان کے خلاف پیمرا قوانین کے تحت سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

صوبائی انتخابات کی تیاری

پنجاب اسمبلی ہفتے کی رات 10 بج کر 10 منٹ پر ازخود تحلیل ہوگئی۔ گورنر پنجاب بلیغ الرحمان نے وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کی طرف سے بھیجی گئی سمری پر دستخط نہ کیے، آئین کے مطابق گورنر کے پاس سمری روکنے کا اختیار نہیں ہے اور اگر وہ اس پر دستخط نہ بھی کرے تو 48 گھنٹے پورے ہونے پر ازخود ہی تحلیل ہو جاتی ہے۔ پنجاب اسمبلی کے ختم ہوتے ہی اب چوہدری پرویز الٰہی کی کابینہ بھی گھر جا چکی ہے تاہم نگران حکومت کے قیام تک چوہدری پرویز الٰہی بطور نگران وزیراعلیٰ کام جاری رکھیں گے۔ یاد رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے لانگ مارچ ختم کرتے ہوئے اسلام آباد میں تقریر کے دوران اعلان کیا تھا کہ وہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں تحلیل کر دیں گے۔ اس پر بہت تنقید کی گئی، بعض حلقوں کا خیال تھا کہ یہ صرف بڑھکیں ہی ہیں، بعض حلقوں نے عمران خان پر باتیں بھی بنائیں کہ وفاقی حکومت گرانے گئے تھے لیکن اپنی ہی اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان کر کے آ گئے۔ ان سب باتوں کے باوجود عمران خان ڈٹے رہے اور بالآخر انہوں نے اپنا کہا سچ ثابت کر ہی دکھایا۔ عمران خان نے اسمبلیاں توڑنے کا عندیہ ظاہر کیا تو پاکستان مسلم لیگ کو گمان ہوا کہ شائد چوہدری پرویز الٰہی کے پاس اکثریت نہیں ہے لہذا اسمبلی بچانے کی کوشش شروع ہوگئی۔ گورنر پنجاب نے چوہدری پرویز الٰہی کو ایوان سے اعتماد کو ووٹ لینے کو کہا، جب پرویز الٰہی نے مقررہ وقت میں اعتماد کا ووٹ نہ لیا تو گورنر نے انہیں ڈی نوٹیفائی کر دیا۔ اس نوٹس کو لے کر وزیراعلیٰ عدالت پہنچے، عدالت نے چوہدری پرویز الٰہی کو بحال تو کر دیا لیکن 11 جنوری تک اسمبلیاں تحلیل نہ کرنے کی ہدایت بھی کر دی۔ بہر حال مقررہ تاریخ پر عدالتی جنگ تو وزیراعلیٰ جیت گئے لیکن پھر انہوں نے انتہائی ڈرامائی انداز میں رات گئے اعتماد کا ووٹ لیا تاہم اگلے ہی دن اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری گورنر کو ارسال کر دی گویا وہ پوری شان سے گھر جانا چاہتے تھے۔ سارے تبصرے، تمام اندازے اور پیش گوئیاں دھری کی دھری رہ گئیں۔ سمری تو گورنر پنجاب کو موصول ہو گئی لیکن انہوں نے اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ وہ اس عمل کا حصہ بننے سے گریزاں تھے۔ گو کہ ان کا دستخط کرنا صرف تکلفی تھا اور وہ اس بات سے بخوبی واقف بھی تھے کہ آئین اور قانون میں صراحت کے ساتھ تمام معاملات آگے بڑھانے کا راستہ موجود ہے۔ اب چونکہ پنجاب اسمبلی تحلیل ہو چکی ہے لہذا نگران سیٹ اپ کے لیے کام شروع ہو گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی اور اپوزیشن لیڈر حمزہ شہباز کو مراسلے ارسال کر کے ان سے نگران وزیراعلیٰ کے لئے تین تین نام مانگے ہیں۔ مراسلوں میں کہا گیا ہے کہ تین روز تک نام گورنر ہاس کو فراہم کر دیئے جائیں۔ آئین کے مطابق اگر وہ ایسا کر لیتے ہیں اور ان کے درمیان ایک نام پر اتفاق ہو جاتا ہے تو وہ متفقہ طور پر طے کیا گیا نام گورنر پنجاب کو بھجوا دیں گے۔ اس کے بعد گورنر کا کردار صرف اتنا ہی ہے کہ وہ متفقہ امیدوار کی بطور نگران وزیراعلیٰ تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیں۔ اگر کسی نام پر اتفاق نہ ہو سکا تو گورنر پنجاب نگران سیٹ اپ کے لیے سپیکر صوبائی اسمبلی محمد سبطین خان کو مراسلہ بھجوائیں گے جس کی روشنی میں سپیکر اسمبلی حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کی طرف سے نامزد کردہ تین، تین اراکین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیں گے۔

زرعی زمین کا تحفظ

ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والی زراعت کو تباہ کرنے کے لیے جہاں دیگر عوامل کارفرما ہیں وہاں زرعی نہری زمینوں پر بننے والی ہاؤسنگ سکیمیں بھی ملک کو قحط سالی کی طرف دھکیل رہی ہیں۔ بین الاقوامی میگزین دی اکنامسٹ کا تازہ شمارہ آنے والے عالمی قحط کی پیش گوئی کر رہا ہے جس کے سرورق پر گندم کے خوشوں میں گندم کے دانوں کی جگہ بھوک سے متوقع طور پر مرنے والے انسانوں کی کھوپڑیوں کو دکھایا گیا ہے۔ پاکستان اس وقت ان زرعی ممالک میں سرفہرست ہے جہاں زرعی زمینیں تیزی سے رہائشی کالونیوں میں تبدیل کی جا رہی ہیں۔ صوبے کے 13 اضلاع پر مشتمل جنوبی پنجاب میں بھی زرعی زمینوں پر ہاؤسنگ سکیموں کا وجود دیکھنے میں آ رہا ہے جس سے زرعی زمین تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ وفاقی وصوبائی حکومتوں کو چاہیے کہ وہ دیگر ممالک کی طرح جنوبی پنجاب سمیت ملک بھر میں زرعی اراضی پر ہر قسم کی تعمیرات پر فوری پابندی عائد کریں تا کہ ملک میں بڑھتے غذائی بحران کے خدشات کم ہوسکیں۔

ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والی زراعت کو تباہ کرنے کے لیے جہاں دیگر عوامل کارفرما ہیں وہاں زرعی نہری زمینوں پر بننے والی ہاؤسنگ سکیمیں بھی ملک کو قحط سالی کی طرف دھکیل رہی ہیں۔ بین الاقوامی میگزین دی اکنامسٹ کا تازہ شمارہ آنے والے عالمی قحط کی پیش گوئی کر رہا ہے جس کے سرورق پر گندم کے خوشوں میں گندم کے دانوں کی جگہ بھوک سے متوقع طور پر مرنے والے انسانوں کی کھوپڑیوں کو دکھایا گیا ہے۔ پاکستان اس وقت ان زرعی ممالک میں سرفہرست ہے جہاں زرعی زمینیں تیزی سے رہائشی کالونیوں میں تبدیل کی جا رہی ہیں۔ صوبے کے 13 اضلاع پر مشتمل جنوبی پنجاب میں بھی زرعی زمینوں پر ہاؤسنگ سکیموں کا وجود دیکھنے میں آ رہا ہے جس سے زرعی زمین تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ وفاقی وصوبائی حکومتوں کو چاہیے کہ وہ دیگر ممالک کی طرح جنوبی پنجاب سمیت ملک بھر میں زرعی اراضی پر ہر قسم کی تعمیرات پر فوری پابندی عائد کریں تا کہ ملک میں بڑھتے غذائی بحران کے خدشات کم ہوسکیں۔ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والی زراعت کو تباہ کرنے کے لیے جہاں دیگر عوامل کارفرما ہیں وہاں زرعی نہری زمینوں پر بننے والی ہاؤسنگ سکیمیں بھی ملک کو قحط سالی کی طرف دھکیل رہی ہیں۔ بین الاقوامی میگزین دی اکنامسٹ کا تازہ شمارہ آنے والے عالمی قحط کی پیش گوئی کر رہا ہے جس کے سرورق پر گندم کے خوشوں میں گندم کے دانوں کی جگہ بھوک سے متوقع طور پر مرنے والے انسانوں کی کھوپڑیوں کو دکھایا گیا ہے۔ پاکستان اس وقت ان زرعی ممالک میں سرفہرست ہے جہاں زرعی زمینیں تیزی سے رہائشی کالونیوں میں تبدیل کی جا رہی ہیں۔ صوبے کے 13 اضلاع پر مشتمل جنوبی پنجاب میں بھی زرعی زمینوں پر ہاؤسنگ سکیموں کا وجود دیکھنے میں آ رہا ہے جس سے زرعی زمین تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ وفاقی وصوبائی حکومتوں کو چاہیے کہ وہ دیگر ممالک کی طرح جنوبی پنجاب سمیت ملک بھر میں زرعی اراضی پر ہر قسم کی تعمیرات پر فوری پابندی عائد کریں۔

نیوٹریلیٹی: ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور

تحریر: کوثر عباس

نہ تو قاسم علی شاہ پہلا شکار ہے اور نہ ہی یہ سلسلہ رکے گا، یہ سلسلہ بہت پہلے سے شروع ہے بلکہ پی ٹی آئی بنیادی ہتھیار ہی یہی ہے کہ جو سچ بولے اسے اتنا دبا کہ وہ زچ ہو کر معافی مانگ لے، اگر وہ معافی نہ مانگے تو اس کے بارے میں اتنا پراپیگنڈا کرو کہ سچ، جھوٹ کی دبیز تہہ میں چھپ جائے اور جھوٹ ہی سچ بن جائے، اِس کی بہت مثالیں ہیں لیکن باقی اگر عوام کے ذہنوں سے اتر گئی ہوں تو ڈیلی میل والا کیس تو ابھی کل کی بات ہے کہ کس طرح شہباز شریف کے خلاف پراپیگنڈا کیا گیا کہ اس نے مظلوموں کے پیسے کھائے ہیں لیکن جب وہاں کیس کیا گیا تو ایسا کچھ نہ نکلا، مذکورہ اخبار نے معافی بھی مانگی اور بذریعہ گوگل وہ خبر بھی تمام ممکنہ پلیٹ فارموں سے ہٹوائی لیکن چونکہ مسلم لیگ (ن) کے پاس سوشل میڈیا کی طاقت نہیں لہذا یہ اپنا سچ اور بیگناہی اِس طرح کیش نہیں کرا سکے جس طرح عمران خان نے جھوٹ کیش کیا۔ بات یہیں تک نہیں رکتی بلکہ اِس مقصد کے لیے انہوں نے پوسٹ ٹروتھ حکمت عملی بھی تیار کر رکھی ہے، اس پر میرا ایک پورا کالم موجود ہے لیکن سردست ایک مثال دیتا ہوں کہ جب مذکورہ صحافی اور اخبار نے معافی مانگی تو پوسٹ ٹروتھ حکمت عملی کے تحت ایک بار پھر سوشل میڈیا ٹیم جھوٹ کے گھوڑے پر سوار ہو کر آئی اور یہ گرد اڑائی کہ مسلم لیگ (ن) نے عدالت کے باہر معاملات طے کیے ہیں اور معافی مانگ کر کیس سیٹل کیا ہے، ثبوت کے طور پر ڈیوڈ روز کی ایک ٹویٹ پیش کی گئی۔ صحافی کے روپ میں چھپے ایک مشہور ٹرول جو بہت شور کر رہا تھا، میں نے اس سے کہا کہ کیا آپ برطانوی نظام عدل کو ٹیگ کرتے ہوئے یہی ٹویٹ انگریزی میں کر سکتے ہیں کہ برطانوی عدالت نے انصاف نہیں کیا بلکہ معاملہ باہر سیٹل کیا ہے؟ اس نے ایسا کرنے کی بجائے مجھے ڈیوڈ روز کے ٹویٹ کا سکرین شاٹ بھیج دیا، میں چونکہ ان کی دجالیت سے واقف ہوں اور ان کی حکمت عملی سمجھتا بھی ہوں لہذا میں نے متاثر ہونے کی بجائے ڈیوڈ روز کے اکاؤنٹ کو کھنگالا تو معلوم ہوا کہ پی ٹی آئی کے ڈیوڈ روز نے اپنا یہ ٹوئٹر اکاؤنٹ نومبر 2012 میں بنایا لیکن اپنا پہلا ٹویٹ 14 جنوری 2022 کو رات 12:50 پر کیا۔ میں نے اِس حق پرست صحافی ٹرول کو جواب دیا کہ جناب مجھے ایک سوال کا جواب تو دیں کہ ڈیوڈ روز اپنا ٹوئٹر اکاؤنٹ بنانے کے بعد 10 سال خاموش کیوں رہا؟ اور اگر اس نے ٹویٹس کیے تھے تو 10 سال کے ٹویٹ کو ڈیلیٹ کرنے کی ایسی کیا مجبوری آن پڑی تھی اور وہ بھی اچانک؟ اِس بات کا جواب موصوف ہی کیا پوری پی ٹی آئی کے پاس نہیں تھا اور نہ ہی ہوگا۔ عمران خان یہ سب کچھ سوشل میڈیا ٹیم کے ذریعے کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا، اس کے جدید ٹول، ان کی افادیت اور ان کے ذریعے لوگوں کو یرغمال بنانے کے طریقوں پر انہی صفحات پر میرے کم و بیش پانچ چھ کالم موجود ہیں لیکن سردست میں اِس بات کی جانب اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ عمران خان کو یہ پاور انہوں نے دستیاب کی تھی جن کے متعلق اس وقت کہا جا رہا ہے کہ وہ نیوٹرل ہیں، وہ بخوبی جانتے ہیں کہ کس طرح سوشل میڈیا ٹیمیں بنائی گئیں؟ فالورز کا خام مال کیسے تیار کیا گیا؟ کیسے ہیش ٹیگ بنائے گئے؟ کس طرح ڈیٹا کمپنیوں سے مائیکرو پروفائلنگ کرا کر لوگوں کو ٹارگٹ کیا گیا اور انٹرن شپ کے لیے آنے والوں کو کیسے عمران نیازی کا سپاہی بنایا گیا؟ ہم اور وہ جانتے ہیں کہ کیسے ایک طرف بندر کے ہاتھ میں استرا دیا جا رہا تھا تو دوسری طرف کیسے محض ذاتی ناپسند کی وجہ سے نواز شریف کو پچھاڑا جا رہا تھا، کیسے کہیں پر ٹکٹ واپس کرائے جا رہے تھے اور کہیں دلوائے جا رہے تھے؟ کیسے فیصلے لکھوائے جا رہے تھے؟ کیسے ججوں کو ان کے کمروں میں ملا جا رہا تھا؟ یہ سب اب راز نہیں رہا بلکہ جب سے اِس فلم کے ہیرو اور سائیڈ ہیرو آپس میں دشمن بنے ہیں تب سے سب کچھ واضح طور باہر آ چکا ہے لیکن کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ صرف یہی نہیں کہ پاکستان توڑ فلم تبدیلی کا کچا چٹھا باہر آ چکا بلکہ اِس کے بعد بھی ملکی سلامتی سے کھلواڑ کرنے کے تمام سین بھی آشکارا ہو چکے کہ کیسے امریکی سازش کا ڈرامہ تیار ہوا؟ کیسے آئی ایم ایف کو فون کر کے ملک کو دیوالیہ کرنے کی سازش ہوئی؟ کیسے پاکستان کو عالمی تنہائی کا شکار بنایا گیا؟ چند سالوں میں کیونکر سابقہ ملکی قرضے جتنا قرضہ لیا گیا؟ کشمیر فروشی کیسے ہوئی؟ کرونا سیزن میں کیسے عوام کو تجربات کی بھینٹ چڑھایا گیا اور بدلے میں ملنے والا پیسہ کیسے ڈکارا گیا؟ پارلیمنٹ پر قبضے کے لیے کیسے 12 سو لوگوں کو تبدیلی کے چرنوں میں قربان کرنے کا منصوبہ بنایا گیا؟ سستی ایل این جی کیوں نہ لی گئی؟ یہ دیگ کے چند دانے ہیں اور بھی بہت کچھ ہے لیکن ادا کار تو کجا کسی ایک ایکسٹرا کے خلاف بھی اب تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ کیا مسلم لیگ (ن) مجبور ہے یا کوئی کسی کو بچانا چاہتا ہے؟ چاہے کچھ بھی ہو نیوٹرلز ہونا اس وقت بنتا تھا جب یہ بلنڈر کیے جا رہے تھے۔ فریق اول کے معاملے میں غلطیاں کرنا، پھر انہیں انڈو (Undo) بھی کرنا جبکہ فریق ثانی کو کھلی غلطیوں کے باوجود محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنا نیوٹریلٹی نہیں بلکہ بجائے قیام سجدہ ہے اور وہ بھی بے وقتا۔ آخر میں ایک سوال کہ اگر مسلم لیگ (ن) اتنی ہی مجبور ہے تو کیا ضرورت تھی لعنتوں کا طوق گلے میں ڈالنے کی؟ لگتا ایسے ہے کہ جو کام چھ سالہ باج شاہی نہ کر سکی وہ کام چاچو کا شوق شیروانی کر گزرے گا۔

چاہے کچھ بھی ہو نیوٹرلز ہونا اس وقت بنتا تھا جب یہ بلنڈر کیے جا رہے تھے۔ فریق اول کے معاملے میں غلطیاں کرنا، پھر انہیں انڈو (Undo) بھی کرنا جبکہ فریق ثانی کو کھلی غلطیوں کے باوجود محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنا نیوٹریلٹی نہیں بلکہ بجائے قیام سجدہ ہے اور وہ بھی بے وقتا۔ آخر میں ایک سوال کہ اگر مسلم لیگ (ن) اتنی ہی مجبور ہے تو کیا ضرورت تھی۔

روس۔ یوکرین وار: چند بنیادی تقاضے

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

اس کے باوجود کہ میرے اکثر موضوعات پاکستان کی داخلی سیاست پر نہیں بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی حالات پر تحریر ہوتے ہیں، بہت سے قارئین کے فون آتے رہتے ہیں کہ فلاں مسئلے پر لکھیں اور فلاں موضوع پر اپنی حتمی رائے کا اظہار کریں۔ میرے ساتھ ہی نہیں بلکہ دوسرے کالم نگار بھائیوں کے ساتھ بھی صورتِ حال یہی ہو گی۔ شاید اِسی لئے بیشتر اردو کالم نگار حضرات ملک کی داخلی سیاسیات پر تبصروں اور تجزیوں ہی کی عکاسی کرتے رہتے ہیں۔ اردو پرنٹ میڈیا کے ساتھ یہ مسئلہ ایک طویل مدت سے چلا آ رہا ہے۔ چنانچہ جب کوئی قاری مجھ سے بین الاقوامی موضوع پر لکھنے کو کہتا ہے یا سوال کرتا ہے تو مجھے خوشی ہوتی ہے کہ ہم میں سے کئی لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنے آنگن سے باہر جھانک کر کوئی نئی بات پڑھنا یا سننا چاہتے ہیں۔ گزشتہ دنوں بہت سے قارئین نے یوکرین۔ روس وار پر تازہ ترین صورتِ حال کے بارے میں پوچھا کہ بتائیے وہاں کیا ہو رہا ہے؟ میں نے اِن کو بتایا کہ پہلے اپنی چارپائی کے نیچے ڈنگوری پھیرنی چاہیے، دوسروں کے پلنگ کے نیچے دیکھنے کی کیا ضرورت ہے؟ لیکن وہ یہ سن کر ایک طویل بحث شروع کر دیتے ہیں جو میرے لئے اِس حوالے سے طمانیت افزا ہوتی ہے کہ چلو کوئی طبقہ تو ہے جو بیرونِ در دیکھنے کا آرزومند ہے۔ نام لینا کوئی اچھی بات تو نہیں لیکن لاہور سے منیب صاحب اور فرحان صاحب، ملتان سے نسیم احمد صاحب، کراچی سے منظور صاحب اور مانسہرہ سے نذیر شاہ صاحب اِس موضوع پر ایک تواتر سے ترغیب دیتے رہتے ہیں کہ کچھ لکھئے۔ پچھلے دنوں دیر بالا سے بھی ایک صاحب نے فون کیا اور اپنا نام جمال منیجر بتایا۔ یہ نام مجھے کچھ اجنبی سالگا اور پوچھا کہ آپ کس بینک کے منیجر ہیں؟۔۔۔ وہ یہ سن کر ہنس دیئے اور کہا کہ: یہ والدین سے پوچھیں جو قبرستان میں سو رہے ہیں۔ میری عمر 75 سال سے زیادہ ہے۔ 1965 کی جنگ کل کی طرح یاد ہے۔ میرا ایک بیٹا نادرا راولپنڈی میں ہوتا ہے۔ پچھلے دنوں اِس کے پاس گیا تو ایک بازار میں آپ کی کتاب دیکھی۔ اِس کا نام ضیاالحق کے ہمراہ تھا۔ آدھی پڑھ چکا ہوں۔ ضیا الحق ہمارا ہیرو تھا۔ اِس نے پاکستان کو ایٹم بم دیا اور وہ پکا مسلمان تھا۔ اِس کتاب کے تعارف میں آپ کا فون نمبر دیا ہوا تھا، میں نے سوچا ٹرائی کرتا ہوں۔ الحمدللہ! آپ سے بات ہوئی۔ آپ یوکرین اور روس کے درمیان جو جنگ ہو رہی ہے، اِس پر لکھیں۔ ہم نیٹ پر روزنامہ پاکستان دیکھتے ہیں تو اِس میں کبھی کبھی اِس جنگ کی خبر بھی ہوتی ہے لیکن وہ جنگ جو ہمارے سیاستدان لڑ رہے ہیں، اِس پر تو پورا اخبار لکھا ہوتا ہے۔۔۔ معاف کرنا میری زبان پشتو ہے اور بڑی سخت پشتو ہے۔ آپ یہاں دیر بالا میں تشریف لائیں۔ میں آپ کو دروش (چترال) لے جاؤں گا اور وہاں کا فرستان کی پریاں دکھاؤں گا۔ وعدہ کریں آپ ضرور آئیں گے۔۔۔ اور ہاں سچ روس اور یوکرین کی جنگ پر بھی کوئی مضمون یا کتاب ضرور لکھیں گے۔ جمال صاحب تادیر گپ شپ لگاتے رہے اور میں نے محسوس کیا کہ لوگ واقعی پاکستان کے سیاسی حالات کی روز روز کی چخ چخ سے تنگ آ چکے ہیں اور کوئی نئی خبر اور نیا موضوع پڑھنے کو مانگتے ہیں۔ اب آ جاتے ہیں یوکرین۔ روس جنگ کی طرف۔۔۔ گزشتہ تقریبا ایک سال سے یہ جنگ جاری ہے اور میں نے گاہے بگاہے اِس موضوع پر لکھا بھی ہے۔ لیکن ایسا کرتے ہوئے جو خیال بار بار تنگ کرتا ہے وہ ہم پاکستانیوں کی وہ عادتِ خواندگی ہے جو جنگ و جدال کے موضوع پر خواندگی کے بنیادی تقاضوں پر پورا نہیں اترتی۔۔۔ چند پہلوؤں کی طرف توجہ دلانی چاہتا ہوں: سوم اِن دونوں ملکوں کی تاریخ سے پاکستانی قارئین کی اکثریت آگاہ نہیں۔ گزشتہ صدی میں اِن ممالک میں دونوں عظیم جنگیں (اول اور دوم) لڑی گئیں۔ اِن جنگوں کی تاریخ سے بہت کم قارئین آگاہ ہیں۔ صرف وہی لوگ اِس کی خبر رکھتے ہیں جو فوج میں رہے اور ہیں اور جنگ وجدل کی تاریخ کی معلومات اِن کی مجبوری تھی یا وہ لوگ جو اِن ملکوں کے پاکستانی سفارت خانوں میں تعینات رہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ یہ سفارت کار جب واپس پاکستان آتے یا ریٹائر ہوتے تو اِن ممالک میں اپنے قیام کے تاریخی، سفارتی، سیاسی اور سماجی حالات پر (اردو میں) کوئی کتاب لکھتے تاکہ پاکستان کا اردو خواں طبقہ اِس سے کوئی استفادہ کر سکتا۔ چہارم ہم کئی برسوں سے اِن دونوں ملکوں سے گندم درآمد کرتے آ رہے ہیں۔ ہمارا بہت سا دفاعی سازوسامان (ٹینک، توپخانہ، کلاشنکوف رائفل، بکتر بند گاڑیاں وغیرہ) بھی اِن دونوں ملکوں سے خرید کردہ ہے۔ جو پاکستانی ہماری اِن درآمدات کی خرید سے متعلق رہے تھے اِن کا فریضہ تھا کہ وہ اِن ملکوں کی زرعی اور دفاعی پیداوار کی کامیابیوں پر کوئی مضامین اور کتابیں لکھتے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ پنجم ہمارے کئی پاکستانی طالب علم اِن دونوں ملکوں کی یونیورسٹیوں اور دوسرے تربیتی اداروں میں ایک عرصہ دراز سے بھیجے جا رہے ہیں۔ اِن کی طرف سے بھی ایسی کوئی کاوش نہیں کی گئی جو پاکستان کے سوادِ اعظم کو اِن ممالک کے حالات و واقعات سے آگاہ کرتی۔ قارئین محترم! حقیقت یہ ہے کہ ہم بحیثیت پاکستانی اور ایک جوہری ملک کے شہری ہونے کے باوجود بھی نہ تو روس کے بارے میں کچھ زیادہ جانتے ہیں اور نہ یوکرین کے حالات سے کوئی تعلق گردانتے ہیں۔ اگر میں اِس جنگ کے بارے میں لکھوں بھی تو مجھے گراؤنڈ وارفیئر میں علاقوں، شہروں اور قصبوں کے نام تو لکھنے پڑیں گے۔ جنگ اور جغرافیے کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ میدانِ جنگ کی نقشہ کشی، طرفین جنگ کی عسکری استعداد، گراؤنڈ (ٹیرین) کی طبعی جغرافیائی تفاصیل ازقسم دریا، جھیلیں، کوہستان، میدان، درے، شاہرائیں، جنگلات، آب و ہوا لوگوں کے پیشے وغیرہ جب تک بیان نہ کئے جائیں کسی بھی چھوٹے بڑے جنگی آپریشن کی کوئی تفصیل پلے نہیں پڑتی۔ اِس خطے میں آج تک بہت سی جنگیں لڑی جا چکی ہیں اِن کا سرسری احوال بھی قاری کو معلوم ہونا چاہیے۔ روس اور یوکرین کی یہ جنگ فی الحال زیادہ تر گراؤنڈ فورسز کے درمیان لڑی جا رہی ہے۔ گراؤنڈ پر نقشے میں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ اِن ممالک کے فضائی اور بحری مستقروں (Bases) کی لوکیشن کیا ہے۔ اِس طرح کے اور بھی درجنوں پہلو ایسے ہیں کہ جب تک اِن کی ابتدائی جانکاری کسی قاری کو نہ ہو، جنگ یا لڑائی کے بارے میں میرا لکھنا کارِ لاحاصل ہے۔

اِس کے باوجود کہ میرے اکثر موضوعات پاکستان کی داخلی سیاست پر نہیں بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی حالات پر تحریر ہوتے ہیں، بہت سے قارئین کے فون آتے رہتے ہیں کہ فلاں مسئلے پر لکھیں اور فلاں موضوع پر اپنی حتمی رائے کا اظہار کریں۔ میرے ساتھ ہی نہیں بلکہ دوسرے کالم نگار بھائیوں کے ساتھ بھی صورتِ حال یہی ہو گی۔ شاید اِسی لئے بیشتر اردو کالم نگار حضرات ملک کی داخلی سیاسیات پر تبصروں اور تجزیوں ہی کی عکاسی کرتے رہتے ہیں۔ اردو پرنٹ میڈیا کے ساتھ یہ مسئلہ ایک طویل مدت سے چلا آ رہا ہے۔ چنانچہ جب کوئی قاری مجھ سے بین الاقوامی موضوع پر لکھنے کو کہتا ہے یا سوال کرتا ہے تو مجھے خوشی ہوتی ہے کہ ہم میں سے کئی لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنے آنگن سے باہر جھانک کر کوئی نئی بات پڑھنا یا سننا چاہتے ہیں۔ گزشتہ دنوں بہت سے قارئین نے یوکرین۔ روس وار پر تازہ ترین صورتِ حال کے بارے میں پوچھا کہ بتائیے وہاں کیا ہو رہا ہے؟ میں نے اِن کو بتایا کہ پہلے اپنی چارپائی کے نیچے ڈنگوری پھیرنی چاہیے، دوسروں کے پلنگ کے نیچے دیکھنے کی کیا ضرورت ہے؟ لیکن وہ یہ سن کر ایک طویل بحث شروع کر دیتے ہیں جو میرے لئے اِس حوالے سے طمانیت افزا ہوتی ہے کہ چلو کوئی طبقہ تو ہے جو بیرونِ در دیکھنے کا آرزومند ہے۔ نام لینا کوئی اچھی بات تو نہیں لیکن لاہور سے منیب صاحب اور فرحان صاحب، ملتان سے نسیم احمد صاحب، کراچی سے منظور صاحب اور مانسہرہ سے نذیر شاہ صاحب اِس موضوع پر ایک تواتر سے ترغیب دیتے رہتے ہیں کہ کچھ لکھئے۔ پچھلے دنوں دیر بالا سے بھی ایک صاحب نے فون کیا اور اپنا نام جمال منیجر بتایا۔ یہ نام مجھے کچھ اجنبی سالگا اور پوچھا کہ آپ کس بینک کے منیجر ہیں؟۔۔۔ وہ یہ سن کر ہنس دیئے اور کہا کہ: یہ والدین سے پوچھیں جو قبرستان میں سو رہے ہیں۔ میری عمر 75 سال سے زیادہ ہے۔ 1965 کی جنگ کل کی طرح یاد ہے۔ میرا ایک بیٹا نادرا راولپنڈی میں ہوتا ہے۔ پچھلے دنوں اِس کے پاس گیا تو ایک بازار میں آپ کی کتاب دیکھی۔ اِس کا نام ضیاالحق کے ہمراہ تھا۔ آدھی پڑھ چکا ہوں۔ ضیا الحق ہمارا ہیرو تھا۔ اِس نے پاکستان کو ایٹم بم دیا اور وہ پکا مسلمان تھا۔ اِس کتاب کے تعارف میں آپ کا فون نمبر دیا ہوا تھا، میں نے سوچا ٹرائی کرتا ہوں۔ الحمدللہ! آپ سے بات ہوئی۔ آپ یوکرین اور روس کے درمیان جو جنگ ہو رہی ہے، اِس پر لکھیں۔ ہم نیٹ پر روزنامہ پاکستان دیکھتے ہیں تو اِس میں کبھی کبھی اِس جنگ کی خبر بھی ہوتی ہے لیکن وہ جنگ جو ہمارے سیاستدان لڑ رہے ہیں، اِس پر تو پورا اخبار لکھا ہوتا ہے۔۔۔ معاف کرنا میری زبان پشتو ہے اور بڑی سخت پشتو ہے۔ آپ یہاں دیر بالا میں تشریف لائیں۔ میں آپ کو دروش (چترال) لے جاؤں گا اور وہاں کا فرستان کی پریاں دکھاؤں گا۔



فلپائنی نژاد امریکی حسینہ مس یونیورس کا ٹائٹل جیت گئی

امریکا کے شہر نیو اورلینز میں 71ویں مس یونیورس مقابلے کا انعقاد ہوا

نیو یارک (شوبز نیوز) امریکا کی آر بونی گیبریل نے کائنات کی سب سے خوبصورت حسینہ (مس یونیورس) کا اعزاز جیت لیا ہے۔ امریکا کے شہر نیو اورلینز میں 71ویں مس یونیورس مقابلے کا انعقاد ہوا، جس میں دنیا بھر سے 84 خواتین نے شرکت کی سخت مقابلے کے بعد آر بونی گیبریل مس یونیورس بننے میں بھی کامیاب ہوگئیں وہ مس امریکا کا اعزاز رکھتی ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ پہلی بار شادی شدہ اور ماں بننے والی خواتین کو بھی مس یونیورس مقابلے میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 28 سال رکھی گئی تھی۔

یشال شاہد کا مداحوں کو ذہنی تناؤ کو سنجیدگی سے لینے کا مشورہ

انہوں نے کہا کہ اگر جسم کا کوئی بھی حصہ اگر بیمار ہو جائے یا کام کرنا چھوڑ دے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی گلوکارہ یشال شاہد نے ذہنی تناؤ میں مبتلا ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے مداحوں کو بیماری کو سنجیدگی سے لینے کا مشورہ دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک طویل ویڈیو شیئر کرتے ہوئے گلوکارہ نے بتایا کہ وہ بہت خوش مزاج اور دوستوں سے ملنے جلنے کے عادی تھیں لیکن انہیں علم ہی نہیں ہوا کہ وہ کب ذہنی تناؤ کا شکار ہو کر تنہائی پسند ہوگئیں۔ یشال نے مداحوں کو بتایا کہ کس طرح انہوں نے اپنے ذہنی تناؤ کی تشخیص کی اور اپنی صحت کو ہر چیز سے اوپر رکھتے ہوئے اہل خانہ کے پاس واپس گئیں تاکہ بہتر محسوس کر سکیں۔

پریانکا چوپڑا کا شائقین کو پاکستانی فلم جوائے لینڈ ضرور دیکھنے کا مشورہ

اپنے ٹوئٹر پیغام میں پریانکا چوپڑا نے فلم کے اداکار اور ٹیم ممبرز کو ٹیگ بھی کیا

ممبئی (شوبز نیوز) معروف بالی ووڈ سٹار پریانکا چوپڑا پاکستانی فلم جوائے لینڈ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فلم دیکھنا ضروری ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں بالی ووڈ سٹار پریانکا چوپڑا نے جوائے لینڈ کو ایک مسرور کن فلم ہے قرار دیتے ہوئے کہا کہ فلم کی ٹیم کو مبارک باد جس نے ایسی کہانی کو زندہ کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس فلم کو دیکھنا ضروری ہے، اپنے ٹوئٹر پیغام میں پریانکا چوپڑا نے فلم کے اداکار اور ٹیم ممبرز کو ٹیگ بھی کیا۔ خیال رہے کہ فلم جوائے لینڈ ایک خواجہ سرا کی زندگی پر بنائی گئی پاکستانی فلم جوائے لینڈ کو دنیا کے سب سے بڑے ایوارڈز آسکر ایوارڈ کے لئے شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔

فلم کی ٹیم کو مبارک باد جس نے ایسی کہانی کو زندہ کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس فلم کو دیکھنا ضروری ہے، اپنے ٹوئٹر پیغام میں پریانکا چوپڑا نے فلم کے اداکار اور ٹیم ممبرز کو ٹیگ بھی کیا۔ خیال رہے کہ فلم جوائے لینڈ ایک خواجہ سرا کی زندگی پر بنائی گئی۔

اداکارہ سجل علی نے زندگی کی 29 بہاریں دیکھ لیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سجل علی نے زندگی کی 29 بہاریں دیکھ لیں، اداکارہ نے اپنی 29ویں سالگرہ فیملی اور دوستوں کے ساتھ منائی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کو سالگرہ کے موقع پر شوبز انڈسٹری کی شخصیات اور مداحوں کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ایک ویڈیو میں اداکارہ کو اپنی بہن اداکارہ صبور علی کے ساتھ سالگرہ کا کیک کاٹتے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

ملالہ یوسفزئی آسکرز کیلئے نامزد امریکی فلم کی شریک پروڈیوسر بن گئیں

اس شارٹ ڈاکیومنٹری کی کہانی ایک ایسے امریکی میرین افسر پر مبنی ہے

نیویارک (شوبز نیوز) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی آسکرز کیلئے نامزد ہالی ووڈ فلم اسٹرینجر ایٹ دی گیٹ کی شریک پروڈیوسر بن گئیں۔ آسکرز کیلئے نامزد پاکستانی فیچر فلم جوائے لینڈ کے بعد ملالہ یوسفزئی کو امریکی دستاویزی فلم اسٹرینجر ایٹ دی گیٹ کی ٹیم میں بطور ایگزیکٹیو پروڈیوسر شامل کر لیا گیا ہے۔ جو مسلمانوں کی عبادت گاہ مسجد کو بم سے اڑانے کا منصوبہ بناتا ہے تاہم اس منصوبہ بندی کے دوران کئی مرتبہ مسجد جانے اور مسلمانوں سے متاثر ہو کر اس کا دل بدل جاتا ہے اور وہ مسجد کو بم سے اڑانے کے بجائے۔

'جوائے لینڈ' کے علی جونیجو نے بہترین اداکار کا ایوارڈ جیت لیا

مجھے یاد ہے جب ہم اس فلم کو گوال منڈی میں شوٹ کر رہے تھے، علی جونیجو

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی فلم 'جوائے لینڈ' کے اداکار علی جونیجو نے پام سپرنگز فلم فیسٹیول میں بہترین اداکار کا ایوارڈ جیت لیا۔ اداکار علی جونیجو ایوارڈ کو حاصل کرنے کیلئے فیسٹیول میں موجود نہیں تھے، انہوں نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ ایوارڈ جیتنے پر مجھے بے حد خوشی ہے اور یہ ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے اپنی فلم جوائے لینڈ پر فخر ہے، یہ دنیا بھر میں لوگوں سے محبت اور پیار وصول کر رہی ہے، یہ بہت متاثر کن تجربہ ہے۔ علی جونیجو مزید بتایا کہ مجھے یاد ہے جب ہم اس فلم کو گوال منڈی میں شوٹ کر رہے تھے تو ہم ایمانداری کے ساتھ صرف ایک کہانی سنانا چاہتے تھے۔ واضح رہے کہ فلم جوائے لینڈ کو ہم جنس پرستی کے متنازعہ موضوع پر معاشرے کے مختلف طبقات

معروف کورین بینڈ پوپ کے گلوکار داوکم نے عمرے کی سعادت حاصل کرلی

انہوں نے لکھا کہ میں ہمیشہ کوشش کرتا تھا کہ اپنے سوالوں کا جواب ڈھونڈوں

مکہ مکرمہ (شوبز نیوز) معروف کورین ولاگر اور سوشل میڈیا اسٹار داد کم نے مکۃ المکرمہ میں عمرے کی سعادت حاصل کی ہے۔ کم داد نے انسٹاگرام پر اپنے روحانی سفر کی تصاویر شیئر کی ہیں اور ساتھ ہی ایک نہایت جذباتی کیپشن لکھا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ اسلام نے ان کو زندگی کی اندھیری راہوں سے نکال کر روشنی کے راستے پر ڈال دیا ہے۔ سوشل میڈیا سٹار نے انکشاف کیا کہ وہ اپنی زندگی میں روشنی کی تلاش کے لئے اکیلے مارے مارے پھر رہے تھے، میری زندگی تباہ ہو چکی تھی، اور میرے خیال میں میں دنیا کا بدقسمت ترین شخص تھا۔ انہوں نے لکھا کہ میں ہمیشہ کوشش کرتا تھا کہ اپنے سوالوں کا جواب ڈھونڈوں، اسلام نے مجھے میرے سب سوالوں کے جوابات دے دیئے ہیں اور میں خوش قسمت ہوں کہ اللہ نے مجھے اسلام کیلئے چن لیا ہے۔



آئی سی سی رینکنگ: بابر اعظم کی حکمرانی برقرار

کپتان بابر اعظم 887 رینٹنگ پوائنٹس کے ساتھ سب سے آگے ہیں

دبئی (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے نئی ون ڈے رینکنگ جاری کردی، کپتان بابر اعظم بدستور پہلی پوزیشن پر برقرار رہے۔ آئی سی سی کی جاری کردہ نئی رینکنگ کے مطابق قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم 887 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ سب سے آگے ہیں جبکہ جنوبی افریقہ کے راسی وین ڈیر ڈوسن 766 پوائنٹس کے ساتھ دوسری جبکہ کوئنٹن ڈی کاک 759 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن پر قابض ہیں۔ مینز ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں بھارت کے ویرات کوہلی سری لنکا کے خلاف سیریز میں شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرنے کے بعد دو درجے ترقی پا کر چوتھی پوزیشن پر آ گئے ہیں، 3 میچوں پر مشتمل سیریز میں کوہلی نے 283 رنز بنائے جس میں 2 سنچریاں شامل تھیں۔ بھارت کے سابق کپتان ویرات کوہلی مجموعی طور پر 750 پوائنٹس کے ساتھ چوتھی۔

Power Information Technology Company
TENDER NOTICE
Sealed Bids are invited from potential dealing firms for "Renewal of Production support/subscription"
Pre-bid conference will be held on 30-01-2023 at 11:00 A:M at PITC, Room No 406, PITC WAPDA House Lahore.
Technical and Financial bids shall be received up till 17-02-2023 at 11:00 A.M and Technical Bids shall be opened at 11:30 A.M on 17-02-2023 at PITC, Room No 406 WAPDA House, Lahore.
Opening date of Financial Bids will be communicated to technically qualified firms through letters.
Tender Fee Rs. 2,000/- will be deposited in Room No. 401, PITC WAPDA House, Lahore.
Please download Tender Document with all details from www.pitc.com.pk and www.ppra.org.pk websites.
For any further clarification please contact Director General (ISDS) Ph. No. 042-99202162, 042-99202211 Ext. 2064, 3015 during office hours.
PID(L)2111
Addl. Manager (Admn) Ph # 042-99202070

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کا سینٹرل کنٹریکٹ کا جائزہ لینے کیلئے نیا منصوبہ تیار

چھ ماہ میں ریویو لینے کی شق کے حوالے سے بورڈ میٹنگ میں منظوری لی جائے گی

ڈھاکا (سپورٹس نیوز) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے کھلاڑیوں کے سینٹرل کنٹریکٹ کا جائزہ لینے کیلئے نیا منصوبہ بنا لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کی سلیکشن کمیٹی نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو مانیٹر کرنے اور کنٹریکٹ یافتہ پلیئرز کی ترقی کا جائزہ لینے کیلئے چھ ماہ میں ریویو لینے کی شق متعارف کروا رہا ہے۔ بی سی بی کے چیئرمین نے کرکٹ ویب کو دیئے گئے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ چھ ماہ میں ریویو لینے کی شق کے حوالے سے بورڈ میٹنگ میں منظوری لی جائے گی، ہم ہر چھ ماہ بعد سینٹرل کنٹریکٹ یافتہ کرکٹرز کا جائزہ لیں گے تاکہ پلیئرز سینٹرل کنٹریکٹ کی قدر کریں نہ کہ خلاف ورزی۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا ہے کہ اگر کوئی اس سے کم کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہوا پایا گیا تو ہم کنٹریکٹ کو ختم کر دیں گے یا نہیں لیکن یہ اقدام کرکٹرز کے درمیان مسابقتی ماحول بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔

بگ بیش: سڈنی سکسرز کی ایڈیلیڈ سٹرائیکرز کو 59 رنز سے شکست

سڈنی (سپورٹس نیوز) بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کے 45ویں میچ میں سڈنی سکسرز نے ایڈیلیڈ سٹرائیکرز کو 59 رنز سے شکست دے دی۔ منگل کے روز کھیلے گئے ایونٹ کے اہم میچ میں سڈنی سکسرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 203 رنز بنائے۔ سٹیون سمتھ نے 56 گیندوں پر 101 رنز کی شاندار اننگ کھیلی جبکہ کرٹس پیٹرسن 43 اور جورڈن سلک 31 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ سٹرائیکرز کی جانب سے ویس ایگر نے 2 جبکہ میتھیو شارٹ اور کیمرون نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ ہدف کے تعاقب میں سٹرائیکرز کی پوری ٹیم 19ویں اوور میں 144 رنز پر ڈھیر ہوگئی، میتھیو شارٹ 40 اور ایلکس کیرے 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ سٹرائیکرز کے آٹھ کھلاڑی ڈبل فگر میں بھی داخل نہیں ہو سکے جبکہ سکسرز کی جانب سے ٹوڈ مرفی، بین نے 3، 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

میتھیو شارٹ 40 اور ایلکس کیرے 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ سٹرائیکرز کے آٹھ کھلاڑی ڈبل فگر میں بھی داخل نہیں ہو سکے جبکہ سکسرز کی جانب سے ٹوڈ مرفی، بین نے 3، 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

دوسرا ون ڈے: پاکستان کو 10 وکٹوں سے شکست، سیریز آسٹریلوی ویمنز ٹیم کے نام

برسبین (سپورٹس نیوز) آسٹریلوی ویمنز ٹیم نے پاکستان کو دوسرے ون ڈے میں 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز اپنے نام کر لی۔ برسبین میں کھیلے جانے والے میچ میں آسٹریلیا نے 126 رنز کا ہدف بغیر کسی نقصان کے باآسانی 20ویں اوورز میں حاصل کر لیا۔ آسٹریلیا کی 19 سالہ اوپننگ بیٹر فیبی لچ فیلڈ نے مسلسل دوسری ففٹی مکمل کی، انہوں نے 61 گیندوں پر 67 رنز سکور کیے، اس کے علاوہ اوپنر بیتھ مونی نے بھی 55 رنز بنائے، پاکستان کی جانب سے ندا ڈار 24 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔ میچ کے آغاز پر پاکستانی کپتان بسمہ معروف نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا تاہم قومی ٹیم صرف 43 اوورز ہی کھیل سکی اور 125 رنز بنا کر پوری ٹیم آؤٹ ہوگئی۔ اس سے قبل پہلے ون ڈے میں آسٹریلیا نے 8 وکٹوں سے پاکستان کو شکست دی تھی جبکہ سیریز کا آخری اور تیسرا میچ 21 جنوری کو کھیلا جائے گا۔

آسٹریلوی ویمنز ٹیم نے پاکستان کو دوسرے ون ڈے میں 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز اپنے نام کر لی۔ برسبین میں کھیلے جانے والے میچ میں آسٹریلیا نے 126 رنز کا ہدف بغیر کسی نقصان کے باآسانی 20ویں اوورز میں حاصل کر لیا۔ آسٹریلیا کی 19 سالہ اوپننگ بیٹر فیبی لچ فیلڈ نے مسلسل دوسری ففٹی مکمل کی۔

بھارتی بیٹر شریاس آئیر کیویز کیخلاف ون ڈے سیریز سے باہر

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ون ڈے سیریز کا آغاز آج سے ہوگا

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی شریاس آئیر انجری کے باعث نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز سے باہر ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ بیٹر شریاس آئیر کمر میں چوٹ لگنے کے باعث نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز میں شرکت نہیں کریں گے جبکہ رجت پاٹیدار کو ان کے متبادل کے طور پر سکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب سے شریاس کی انجری کی نوعیت اور صحتیابی کے حوالے سے نہیں بتایا گیا۔ واضح رہے کہ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ون ڈے سیریز کا آغاز آج سے ہوگا۔

ویمنز انڈر 19 ورلڈ کپ، انگلینڈ کی پاکستان کو 53 رنز سے شکست

پوچیفسٹروم (سپورٹس نیوز) آئی سی سی ویمنز انڈر 19 ورلڈ کپ کے اہم میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کو 53 رنز سے شکست دے دی، پاکستان ویمن نے 157 رنز کے ہدف کے تعاقب میں مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 103 رنز بنائے، عروب شاہ 34 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں۔ پوچیفسٹروم میں کھیلے گئے گروپ بی کے میچ میں انگلینڈ انڈر 19 نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 157 رنز بنائے، سیرن سمیل نے 37 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، دیگر بیٹرز میں ریانہ میک ڈونلڈ 35 اور گریس سکریونز 24 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں۔

کرکٹ سے بریک، دھانی کی بچوں کیساتھ موج مستیاں

لاڑکانہ (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہنواز دھانی نے گاؤں میں بچوں کیساتھ موج مستی کرتے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کردیں۔ شائقین کرکٹ فاسٹ بولر شاہنواز دھانی کی بولنگ کے ساتھ ساتھ ان کی حس مزاح سے بھی خاصے محظوظ ہوتے ہیں لیکن اب دھانی نے پتنگ بازی کی ویڈیو مداحوں سے شیئر کی۔ ٹوئٹر پر دھانی نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں کھیتوں میں بچوں کے ساتھ پتنگ بازی کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ دھانی نے اپنی ٹوئٹ میں لکھا کہ بچپن میں۔

بی پی ایل: کھلنا ٹائیگرز اور کومیلا وکٹوریز اپنے اپنے میچز میں کامیاب

چٹوگرام میں کھیلے گئے میچ میں ٹائیگرز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا

ڈھاکہ (سپورٹس نیوز) بنگلا دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں کھلنا ٹائیگرز اور کومیلا وکٹوریز نے اپنے اپنے میچز میں کامیابی حاصل کر لی۔ منگل کے روز کھیلے گئے بنگلا دیش پریمیئر لیگ کے 15ویں میچ میں کھلنا ٹائیگرز نے رنگپور رینجرز کو 9 وکٹوں جبکہ 16ویں میچ میں کومیلا وکٹوریز نے سلہٹ سٹرائیکرز کو 5 وکٹوں سے شکست دی۔ چٹوگرام میں کھیلے گئے میچ میں ٹائیگرز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جبکہ رنگپور رینجرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 129 رنز بنائے۔ ٹائیگرز نے 130 کا ہدف 19ویں اوورز کی دوسری گیند پر 1 وکٹ کے نقصان پر حاصل کیا، وہاب ریاض بہترین بالنگ پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے، انہوں نے 4 اوورز میں 14 رنز کے عوض چار کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ دوسرے میچ میں کومیلا وکٹوریز نے ٹاس جیت کر سلہٹ کو بیٹنگ کی دعوت دی جبکہ سلہٹ کی ٹیم مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان

اطلاع عام

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب راولپنڈی اطلاع گمشدگی رجسٹری یہ کہ میں مسماۃ شریفاں بیگم زوجہ منور حسین سکنہ مکان نمبری سی بی 995 نیو نمبر سی بی 88 موضع مہری غزن اندر حدود کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی 10 مرلے بروئے دستاویز رجسٹرڈ نمبر 95160 بی نمبر 01 جلد نمبر 1138 صفحات 61:57 مصدقہ مورخہ 18 ستمبر 1989 سب رجسٹرار)اربن (گلی نمبر 12 محلہ شاہ فیصل کمال آباد کی ذاتی وارث ہوں یہ کہ رجسٹری میرے داماد عمر زیب ولد انور زیب نے دھوکہ دہی سے کہیں گم کردی ہے کافی جانچ پڑتال کرنے کے باوجود مجھے اصل رجسٹری نہ ملی لہذا میری رجسٹری کی رپٹ درج کر کے مجھے میری اصل رجسٹری دلوائی جائے یہ کہ کسی بھی غلط بیانی کی صورت میں من مقر رذمہ دار ہوگی۔

المشتہر مسماۃ شریفاں بیگم

بقیہ 1

کی کوشش کرے گی اور نہ ہونے کی صورت میں چاروں نام الیکشن کمیشن کو ارسال کردیے جائیں گے اور الیکشن کمیشن اپنے طور پر نگراں وزیراعلیٰ کا تقرر کرے گا جو حتمی ہوگا۔

بقیہ 2

کی درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے نیب ترامیم کے بعد 386 کیسز احتساب عدالتوں سے واپس ہوئے۔ وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے دلائل دیے کہ جسٹس اعجاز الاحسن نے آبزرویشن دی تھی کہ 386 کیسز میں سے کتنے اراکین پارلیمنٹ کے تھے، عدالت یہ بھی پوچھ سکتی تھی کہ تحریک انصاف کے ساڑھے تین سالہ دور میں 5 نیب آرڈیننس لائے گئے، اس وقت کتنے نیب ریفرنس واپس اور افراد بری ہوئے۔ وکیل نے کہا کہ عدالت یہ بھی پوچھے کہ تحریک انصاف کے آرڈیننسز سے بری ہونے والے ملزمان میں کون کون شامل ہے، نیب قانون میں حالیہ ترامیم پرانے قانون کا ہی تسلسل ہے، عدالت خود کو 386 نیب کیسز تک محدود نہ رکھے۔ چیف جسٹس پاکستان نے وکیل سے کہا کہ آپ بتا دیں نیب سے کیا سوالات پوچھیں نوٹ کرا دیتے ہیں۔ وکیل مخدوم علی خان نے کہا نیب بتائے کہ پی ٹی آئی کے آرڈیننسز کے ذریعے کتنے ریفرنس واپس ہوئے؟ نیب آرڈیننسز سے کتنے افراد بری ہوئے اور ٹرائل کورٹ نے بریت کی کتنی درخواستیں واپس کیں؟ سپریم کورٹ نے عمران خان کے دور میں نیب آرڈیننس سے بری اور مستفید ہونے والوں کی تفصیلات طلب کرلیں۔ جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ اگر نیب کو ختم کر بھی دیا جائے تو جرائم کے سدباب کے لیے دیگر قوانین موجود ہیں، ایسا کہنا درست نہیں کہ نیب کیسز سے بری ہونے والے صاف شفاف ہونے والے گھر چلے جاتے ہیں، یہ تاثر غلط ہے کہ نیب ختم ہو جانے سے قانون کی گرفت بھی ختم ہو جائے گی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ تحریک انصاف کا موقف ہے کہ نیب کیسز میں جرم ثابت کرنے کا معیار ہی بدل دیا گیا ہے، سوال یہ بھی اہم ہے کہ نیب کیسز میں سزائیں ہونے کے بعد حالیہ ترامیم کا اطلاق ماضی سے کیسے ہوسکتا ہے؟ ایسا نہیں ہوسکتا کہ نیب قانون میں ترامیم لاکر اطلاق 1985 سے کردیا جائے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ نیب قانون میں حالیہ ترامیم عظیم ایمنسٹی ہیں اور یہ بڑی عجیب بات ہے، مجھے یہ بھی پتا ہے کہ نیب قوانین کے علاوہ دیگر قوانین بھی موجود ہیں، اگر احتساب عدالت جرم سے بری کر دے تو ملزم گھر ہی جائے گا، کیس کے دوران میرے کیے گئے سوالات عارضی نوعیت کے ہیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 19 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 3

پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا کہ ہم قومی اسمبلی سے استعفوں کی منظوری کا 10 ماہ سے انتظار کر رہے تھے، استعفوں کی منظوری کی بات وفاقی حکومت کے گلے پڑ جائے گی، بات عدم اعتماد اور نگران حکومت کی طرف جا رہی تھی۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پارک لین میں قید تنہائی کاٹنے والے میرے ساتھ واپس پاکستان چلیں، مسلم لیگ)ن (میں توڑ پھوڑ شروع ہو چکی ہے، اچھے خاصے پرندے اڑنے کو تیار ہیں، ن لیگ اپنے آپ کو نااہل ثابت کرنے میں مکمل کامیاب رہی ہے۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف (کا مسئلہ کھٹائی میں پڑ چکا ہے، انہیں مارچ سے قبل الیکشن کا شیڈول دینا پڑے گا، ان کو عام انتخابات میں ووٹ نہیں کچھ اور پڑے گا، سب اپنے اپنے بالکوں کے نام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے سوا کوئی اور راستہ نہیں، پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم (کی تمام جماعتیں سیاسی طور پر دفن ہو چکی ہیں، جو گڑھا عمران خان کیلئے کھودنے کا سوچا تھا اس میں یہ خود گر گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی ماہ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق ملے گا، ایک کروڑ اوورسیز پاکستانیوں میں سے 70 لاکھ ووٹ عمران خان کا ہے، نیب ترامیم کا کیس بھی ساعت کیلئے مقرر ہوچکا ہے۔

بقیہ 4

پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زلزلے کے بعد فوری امداد ملی تھی، افسوس کی بات ہے کہ ماحولیاتی بحران کے باوجود اس بار ایسا نہیں ہوا۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ عالمی میڈیا کی توجہ سیلاب سے ہٹ گئی ہے مگر پاکستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں میں کشتیاں چل رہی ہیں۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ سیلاب کی تباہی کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ امریکی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں حنا ربانی کھر نے کہا کہ جس غیر متناسب تباہی کا پاکستان کو سامنا ہوا ہے اس کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زلزلے کے بعد فوری امداد ملی تھی، افسوس کی بات ہے کہ ماحولیاتی بحران کے باوجود اس بار ایسا نہیں ہوا۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ عالمی میڈیا کی توجہ سیلاب سے ہٹ گئی ہے مگر پاکستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں میں کشتیاں چل رہی ہیں۔

بقیہ 5

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سود ایک لعنت ہے اور دین اسلام میں اسے اللہ کے خلاف جنگ قرار دیا گیا ہے، نجی سود کے حوالے سے پابندی کا قانون دین کی خدمت ہے، اللہ اور اللہ کے رسولؐ کے احکامات کی تعمیل کر کے سرخرو ہوئے ہیں، سود کا کاروبار کرنے والوں کو روز قیامت کالے منہ کے ساتھ اٹھایا جائے گا، ہم نیک نیتی سے دین کا کام کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ چودھری پرویز الٰہی نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں کوئی بھی نجی سود کے حوالے سے لین دین نہیں کر سکے گا، نجی سود کا کاروبار کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا، لین دین کرنے والوں کو 10 سال قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، قانون نافذ ہونے کے بعد ماضی میں نجی طور پر سود کی مد میں رقم لینے والا شخص اب صرف اصل رقم ہی واپس کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ اصل رقم کے علاوہ نجی سود کی مد میں اضافی رقم مانگنے پر متعلقہ شخص کے خلاف مقدمہ درج ہو سکے گا، نجی سود کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کوئی بھی شہری تھانے جا کر ایف آئی آر درج کرا سکے گا، پابندی کا قانون نافذ ہونے کے بعد کئی گھر اجڑنے سے محفوظ رہیں گے۔

بقیہ 6

وزیراعلیٰ کے تقرر کے لئے اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹی میں ملک احمد خان، حسن مرتضیٰ اور خلیل طاہر سندھو کے نام شامل ہیں۔ خیال رہے کہ حکومتی اتحاد کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی کے لئے میاں اسلم اقبال، راجہ بشارت اور ہاشم جواں بخت کے نام پہلے ہی سپیکر کو بھجوا دیے گئے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (اور اتحادی جماعت ق لیگ کے بعد مسلم لیگ) ن (نے بھی پارلیمانی کمیٹی کے 3 ناموں کی منظوری دے دی ہے۔ پنجاب میں نگران وزیر اعلیٰ کے تقرر کے لئے اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹی میں ملک احمد خان، حسن مرتضیٰ اور خلیل طاہر سندھو کے نام شامل ہیں۔ خیال رہے کہ حکومتی اتحاد کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی کے لئے میاں اسلم اقبال، راجہ بشارت اور ہاشم جواں بخت کے نام پہلے ہی سپیکر کو بھجوا دیے گئے ہیں۔

بقیہ 7

کیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں دیسی ساختہ بم، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ سیکورٹی فورسز کو خصوصی ہیلی کاپٹرز کے ذریعے علاقے میں داخل کیا گیا جبکہ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو ختم کرنا تھا۔ بلوچستان کے علاقے ہوشاب اور تلسر میں سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ہوشاب اور تلسر میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر آپریشن کیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں دیسی ساختہ بم، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ سیکورٹی فورسز کو خصوصی ہیلی کاپٹرز کے ذریعے علاقے میں داخل کیا گیا جبکہ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو ختم کرنا تھا۔

بقیہ 8

نوٹس جاری کر دیا۔ معاونت کے لیے اٹارنی جنرل اور نادرا کو بھی نوٹسز جاری کیے گئے، وکیل داد غزنوی کی الیکشن ایکٹ ترمیم کیخلاف اپیل پر بھی نوٹس جاری کیا گیا۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ ڈالنے پاکستان آنا ہوگا یا باہر رہ کر بھی ووٹ ڈال سکتے ہیں، بظاہر ووٹنگ کا طریقہ اتنا مشکل بنا دیا گیا ہے کہ اوورسیز ووٹ ڈال ہی نہ سکیں، ووٹ کا حق ختم نہیں کیا گیا مسئلہ صرف طریقہ کار کا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دیا تھا، الیکشن ایکٹ میں ترمیم عدالتی فیصلے کی روح کے خلاف ہے، عدالت کے حکم پر نادرا نے سسٹم بنایا اور ضمنی انتخابات میں تجربہ ہوا تھا، ضمنی انتخابات میں کوئی اعتراض سامنے نہیں آیا، ترمیم کر کے دوبارہ پائلٹ پراجیکٹ کرنے کا کہا گیا تا کہ قانون سازی ہو سکے۔ عدالت نے کہا نادرا اور الیکشن کمیشن معاونت کریں کہ بنایا گیا سسٹم معیار کے مطابق ہے یا نہیں، کیس کی سماعت مزید 2 ہفتے کیلئے ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 9

مشاورت کریں گے جبکہ باقی تنظیموں کے ساتھ بھی مرحلہ وار میٹنگز رکھی جائیں گی۔

بقیہ 10

کر دیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 18 اور 19 جنوری تک بلوچستان کے مختلف اضلاع کوئٹہ، ژوب، بارکھان، زیارت، چمن، پشین، نوکنڈی، دالبندین، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، مسلم باغ، قلات، خضدار، تربت، پنجگور اور مکران کے ساحلی علاقوں میں بارش اور برفباری کا امکان ہے جبکہ چند مقامات پر تیز بارش بھی ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب محکمہ پی ڈی ایم اے نے شہریوں کو مطلع کیا ہے کہ وہ آئندہ 2 روز تک غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔

بقیہ 11

کمیشن کے مطابق عمران خان میانوالی نشست سے نااہل ہو چکے، ضمنی انتخابات میں عمران خان کی جیتی ہوئی نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان نے انتخابی اخراجات کی تفصیلات تاخیر سے جمع کروائیں، توشہ خانہ کیس کے فیصلے کے بعد سابق وزیر اعظم کے خلاف کچھ درخواستیں بھی زیر التوا ہیں۔ معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ عمران خان انتخابی اخراجات کی تفصیل الیکشن کمیشن میں جمع کروا چکے ہیں۔

بقیہ 12

بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ ہمیں کاروبار کو سہولت دینی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے سبب ہمیں کچھ اقدامات کرنے پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری امپورٹس کم ہوئی ہیں، 33 ہزار ایل سیز کے کیسز کلیئر کیے ہیں، ایل سی کو جانچنے میں کافی وقت لگتا ہے، ایل سیز جلد کھول دیں گے۔ ان کا کہنا تھا بینکس سے کہا ہے کہ خوراک، ادویات اور تیل کو ترجیح میں رکھیں، ہم نے ایکسپورٹ کے لیے امپورٹ مال کو ترجیح دی ہے، زرعی شعبے کے لیے امپورٹ میں سہولت پیدا کر رہے ہیں، مزید ڈالرز آتے ہی مزید امپورٹس کو سہولت دینے کا منصوبہ ہے، ڈالرز کو دیکھتے ہوئے ہی امپورٹ کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا اگر امپورٹرز ڈالر کا بندوبست کرتے ہیں تو ہمیں اعتراض نہیں ہوگا، ایکسپورٹرز کو اپنے ڈالرز سے امپورٹ کا بندوبست کرنے کی اجازت ہے۔ ان کا کہنا تھا اگلے ہفتے ملک میں ڈالرز آنا شروع ہو جائیں گے، اب زرمبادلہ ذخائر بڑھنا شروع ہوں گے، کچھ مال بلا اجازت امپورٹ کے سبب بھی پورٹ پر پھنسا ہوا ہے، شرح سود کے بارے میں فی الحال کچھ نہیں کہہ سکتا۔

بقیہ 13

ایئرپورٹ سے لندن روانہ ہوئے، رانا ثنا اللہ لندن میں پاکستان مسلم لیگ)ن (کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف سے اہم ملاقات کریں گے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ پاکستان مسلم لیگ)ن (پنجاب کے صدر بھی ہیں، اس حیثیت سے وہ پارٹی قائد کو پنجاب اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت اہم امور پر تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔

بقیہ 14

گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب نے بتایا کہ مریم نواز بھی ایک ہفتے میں پاکستان پہنچ رہی ہیں۔ محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ پرویز الٰہی نے مجھ سے ون ٹو ون ملاقات میں کہا تھا وہ اسمبلی نہیں توڑنا چاہتے، پرویز الٰہی نے کہا تھا وہ اسمبلی نہ توڑنے پر عمران خان کو قائل کرلیں گے، نگران وزیراعلیٰ پر اتفاق کے لئے بہت کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکا۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ نگران وزیراعلیٰ کے لئے پرویز الٰہی اور ملک احمد خان سے بات کی، دونوں نے ایک دوسرے کے نام مسترد کردیئے، عام انتخابات مقررہ مدت میں ہونے چاہئیں، گورنر راج کے نفاذ پر بھی سنجیدگی سے غور نہیں ہوا۔

بقیہ 15

میں کہا کہ عدالت نے 12 جنوری کو نئے پیسکو چیف کی تعیناتی پر حکم امتناع جاری کیا ہوا ہے، عدالتی احکامات کے باوجود نئے پیسکو چیف کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ نئے پیسکو چیف 12 جنوری کی رات تالا توڑ کر سی ای او آفس میں داخل ہوئے، عدالت نے سماعت کے بعد نئے سی ای او پیسکو اور دیگر فریقین کو 26 جنوری کیلئے توہین عدالت نوٹس جاری کردیا۔

بقیہ 16

ہیں، جہاں سے لوگ با آسانی دس کلو آٹے کا تھیلا چھ سو اڑتالیس روپے میں خرید سکتے ہیں، مزید برآں ہر شخص کو صرف ایک آٹے کا تھیلا خریدنے کی اجازت ہے، اس کے علاوہ گورنمنٹ کی ہدایت پر عوام کی سہولت کے لئے مختلف دکانوں پر بھی گورنمنٹ کی طرف سے مقرر کردہ قیمت پر آٹا دستیاب ہے۔

بقیہ 17

حملہ کرنے آئے، 20 سال افغانستان پر بمباری کی گئی، 20 سال بعد پھر دوحہ میں مذاکرات کیے گئے۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ امریکا، مغربی دنیا طاقت، بارود کی بنیاد پر اپنا نظریہ، اپنا مذہب ہم پر مسلط کرنے کی کوشش کرے تو یہ دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس بارے بڑا غلط تاثر دیا گیا، آج دنیا میں بڑا کہا جاتا ہے کہ شفافیت ہونی چاہیے، جب دینی مدرسے کا اکاؤنٹ بند ہوگا تو شفافیت کا راستہ تو خود بند کر دیا، جب اکاؤنٹ چلے گا تو مکمل حساب کتاب کا پتا چلے گا۔

بقیہ 18

پر گرجا روڈ عزت آباد کا ٹیوب ویل بھی ریپرنگ کے بعد چلا کر پانی کی سپلائی کا آغاز کر دیا گیا۔ واضح رہے چک جلال دین مدنی محلہ کے ٹیوب ویل کی فنی خرابی کے باعث گزشتہ ایک ہفتے سے پانی کی بندش تھی۔ شہریوں نے ایم ڈی واسا کا شکریہ ادا کیا ہے کہ جنھوں نے مدنی محلہ پانی کی بندش کا نوٹس لیا اور پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 19

کیا گیا، انہوں نے جلد از جلد بلاک کوڈ لیول پر تنظیمیں مکمل کرنے کی بھی ہدایت کر دی۔ چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ نے کہا ہے کہ کیئر ٹیکر وزیراعلیٰ کے لیے ن لیگ کی جانب سے دیئے گئے نام ان کی غیر سنجیدگی کا اظہار ہے، نگران حکومت کا کام صاف شفاف انتخابات کرانا ہے، الیکشن کی تاریخ میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ عمران خان نے کہا کہ ہم نے نگران حکومت کے لیے ایسے نام دیئے جن پر کوئی بھی اعتراض نہیں اٹھا سکتا اور سب کو قابل قبول ہوں گے۔

بقیہ 20

کے مسائل کوئی ایک جماعت حل نہیں کر سکتی، سب سٹیک ہولڈرز کو بیٹھنا ہوگا، پیپلز پارٹی جمہوری رویہ اپنائے تو پھر بات چیت اور مستقبل کے حوالے سے مشاورت بھی ہو گی۔ سراج الحق نے کہا کہ آصف زرداری جماعت اسلامی کے مینڈیٹ کو تسلیم کرے، ابھی ہم نے پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی کا ساتھ دینے کا فیصلہ نہیں کیا، جماعت اسلامی سب کو ساتھ چلانے کی صلاحیت رکھتی ہے، پی ٹی آئی کے موقف کا تو پتا نہیں چلتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو پہلے دن سے کہہ رہے ہیں الیکشن سے پہلے ریفارمز ہونی چاہئیں، اگر اسی کنڈیشن میں الیکشن ہوا تو پھر جھگڑے اور سارا نظام ختم ہو جائے گا، اس وقت رولز آف گیم نہیں ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پاکستان کو کرپشن فری ملک بنائیں گے، جمعہ کو یوم تشکر کے طور پر منائیں گے، جماعت اسلامی کو ووٹ دینے پر کراچی کے لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں، حافظ نعیم الرحمان اور ان کی ٹیم نے بہت جدوجہد کی۔ سراج الحق کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کہتی ہے میئر ان کا ہونا چاہیے، کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی پر اعتماد کا اظہار کیا، ہمارے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے، کراچی کا میئر جماعت اسلامی کا ہونا چاہیے۔

بقیہ 21

کے ایلیا کو آج صبح اپنے گھر میں بدفعلی کا نشانہ بنایا اور اسے بلیک میل کرنے کیلئے ویڈیو بھی بنائی۔ ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے بتایا کہ باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جلد گرفتار کر لیے جائیں گے۔ ڈاکٹر عمارہ شیرازی کا کہنا تھا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے حوالات میں بند کر دیا گیا ہے۔ بچوں وخواتین سے زیادتی کے مرتکب کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 22

کرلی تھی اور قانونی پراسس کے مطابق بروقت ایف آئی آر درج کر لی گئی تھی اور پولیس تھانہ گوجرخان نے کرائم سین کے معائنے، جیو فینسنگ پراسس کے بعد اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا ہے اور بہت جلد ہی ملزمان کو گاڑی سمیت گرفتار کر لیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ جس طرح گوجرخان میں دیگر گینگز کی سرکوبی کی گی اور چوری ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کو کنٹرول کیا گیا جس سے کرائم گراف کم ہوا ہے اور بہت جلد ہی گوجرخان کو کرائم سے پاک کر کے امن کا گہوارہ بنا دیا جائے گا شہر میں کرائم کو کنٹرول کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو میں احسن طریقے سے نبھانے کی کوشش کروں گا جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی تک چین سے نہیں بیٹھوں گا نئی کار سوار گینگ نے پہلی واردات تھانہ گوجرخان کی حدود پنجاب کالج نزد نیو بھگام کے قریب کر کے روات کے رہائشی بیٹریوں کی سپلائی کرنے والے شخص کو روک کر اس سے نقدی لوٹ لی متاثرہ شہری مستنصر نے تھانہ گوجرخان میں درخواست دیتے ہوئے بتایا کہ وائرلیس سیٹ اٹھائے سفید کرولا کار سوار گینگ نے سوزوکی گاڑی کو پنجاب کالج گوجرخان کے قریب اوورٹیک کرتے ہوئے روکا متاثرہ شخص کے مطابق سفید کرولا کار سے 02 اشخاص اترے جنہوں نے خود کو پولیس اہلکار ظاہر کیا ایک کے پاس وائرلیس سیٹ تھا جبکہ دوسرے نے ٹارچ اٹھاء ہوئی تھی انہوں نے پہلے گاڑی کی تلاشی لی اسکے بعد ہماری تلاشی لی اور میری جیب سے 01 لاکھ، 75 ہزار روپے نقدی، آئی ڈی کارڈز سمیت گاڑی کی چابیاں لیں مجھے کہا کہ تمہارے ہاتھوں سے چرس کی بو آرہی ہے اسی دوران وہ ہمیں ڈرا دھمکا کر باتوں میں لگاتے ہوئے اپنی گاڑی میں بیٹھ کر گوجرخان کی جانب فرار ہوگئے مستنصر رمضان موہڑہ داروغہ روات کا رہائشی اور ٹی چوک روات میں بیٹریوں کی دوکان پر کام کرتا ہے اور جمعرات 12 جنوری کو ڈرائیور عامر محمود کے ہمراہ سوزوکی گاڑی میں میرپور بیٹریوں کی سپلائی دینے کے بعد واپس آرہے تھے۔

بقیہ 23

نے وزیراعلیٰ کا امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے حافظ نعیم الرحمان کو یقین دہانی کروائی کہ ان کے جو بھی جائز خدشات ہیں ان کو دور کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے جو الیکشن کمیشن سے مسائل ہیں ان پر الیکشن کمیشن سے رابطہ کریں، جو مسائل سندھ حکومت سے ہیں، ان کے حل کے لئے سندھ حکومت غیر جانبدارانہ کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 24

1 روپے 49 پیسے سے لے کر 4 روپے 46 پیسے فی یونٹ تک اضافے کی منظوری دی گئی۔ ڈسکوز نے نیپرا کو مالی سال 23-2022 کی پہلی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست دی تھی، جس پر اتھارٹی نے 15 نومبر 2022 کو عوامی سماعت کی اور پھر دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا۔ نیپرا کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ صارفین پر ٹیرف کا زیادہ بوجھ نہ ڈالنے کے لیے وزارت توانائی نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کو 2 ماہ فروری اور مارچ کے لئے لاگو کرنے کی درخواست کی تھی، جس کے بعد پچھلی نافذ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ختم ہوجائے گی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ اس طرح اس منظوری سے صارفین پر کوئی اضافی بوجھ نہیں پڑے گا، اس کا اطلاق ڈسکوز کے تمام صارفین ماسوائے لائف لائن صارفین پر ہوگا جبکہ کے الیکٹرک صارفین پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ 25

جو بھی ہو جائے یہ حکومت اپریل میں الیکشن کرانے پر مجبور ہوجائے گی۔ یہ حکومت آکشن سے آئی ہے الیکشن سے نہیں۔ عمران خان کا مزید کہنا تھا کہ اسٹیبلشمنٹ نے پرویز الٰہی پر پورا زور لگایا کہ وہ ن لیگ کے وزیراعلیٰ بن جائیں یا وزارت اعلیٰ نہ چھوڑیں مگر انہوں نے ہم سے وفاداری نبھائی۔ ہمیں وفاداری واپس دینا تھی اور وہ اس طرح ہے کہ وہ پی ٹی آئی میں ضم ہوجائیں اور ہماری پارٹی کا حصہ بن جائیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اس وقت نئے آرمی چیف کے ساتھ کوئی ریلیشن شپ نہیں ہے۔

بقیہ 26

نے آرائے بازار پولیس اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 27

کیسے جیت گئی۔ یہ ہمارے علاقے تھے اور ہمارے ایم این اے اور ایم پی اے منتخب ہوتے رہے ہیں۔ سعید غنی کا کہنا تھا کہ بہت ساری چیزیں ہمارے سامنے آئی ہیں۔ ہم حقائق سامنے لائے تو آپ چیخنا شروع کردیں گے۔ جماعت سے درخواست کرتا ہوں خود بھی جا کر باکس چیک کریں۔ فیس بک پر جیتا ہوا بندہ جیتا ہوا نہیں ہوتا ووٹ لینا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی پی ٹی آئی والوں کی خالہ کا گھر نہیں کہ جب چاہیں چلے جائیں جب چاہیں آجائیں۔ ہم نے ان کے چھکے چھڑا دیئے ہیں۔

بقیہ 28

صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ، وزیراعلیٰ کے مشیر میر عمر جمالی، سردار یار محمد رند، عبدالواحد صدیقی، صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک نعیم بازئی، صوبائی وزیر مبین خلجی، میر عارف جان محمد حسنی، میر نعمت اللہ زہری، میر اکبر مینگل، صوبائی وزیر میر اکبر آسکانی اور میر حمل کلمتی نے اپنے اور اپنے اہلخانہ کے اثاثوں اور واجبات کی تفصیلات الیکشن کمیشن کو جمع نہیں کروائیں تھیں جس پر ان کی رکنیت معطل کردی گئی ہے۔

بقیہ 29

صوبے کی 11 میٹروپولیٹن کارپوریشنز کے سربراہ کمشنر ہوں گے، سبھی اربن علاقوں کی گیارہ ڈسٹرکٹ کونسلو کے سربراہ ڈپٹی کمشنرز ہوں گے۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق دیہاتی علاقوں کی 30 ڈسٹرکٹ کونسلو کے ایڈمنسٹریٹرز بھی ڈپٹی کمشنرز ہوں گے جبکہ یونین کونسلو کے سربراہ متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ہوں گے۔

بقیہ 30

دو کاروں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں کم از کم دو افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ مین بلیوارڈ گلبرگ میں پیش آیا جہاں اوور ٹیکنگ کے دوران دو کاریں آپس میں ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو سروسز ہسپتال لاہور منتقل کیا، ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ زخمیوں کی شناخت 25 سالہ احمد اور 40 سالہ عمران کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 31

2021 کو تھانہ گوجرخان کی حدود صندل گاں میں منشیات فروشوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہوئے اور جام شہادت نوش فرمایا منشیات فروشوں سے فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا تھا آئی جی پنجاب عامر ذوالفقار خان کے ویژن کے مطابق ایس ڈی پی او گوجرخان چوہدری محمد نواز، ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ اور ایس ایچ او تھانہ جاتلی چوہدری الیاس گجر انچارج چوکی دولتالہ سعید اکبر کیانی سمیت دیگر پولیس افسران کی شہید کی قبر پر حاضری پولیس افسران نے شہید کی قبر پر پھول چڑھائے اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی شہید کی قبر پر حاضری کے بعد پولیس افسران نے شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور شہید کی عظیم قربانی کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 32

45 شکایات کو سنا جائے، ہم نے کونسا قانون توڑا تھا جو وہاں پر غنڈے بھیجے گئے، ہم فارم گیارہ کے مطابق رزلٹ مانگ رہے ہیں، ہمارا رزلٹ تبدیل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت اپنا قبلہ درست کر لے، ڈی سی، ڈی آر او جواب دینے کو تیار نہیں، ڈی سی، ڈی آر او پر بہت پریشر ڈالا جا رہا ہے۔ کیماڑی ڈی سی آفس پر پیپلز پارٹی کے غنڈوں کا پی ٹی آئی ہنما پر حملہ پیپلز پارٹی کے غنڈوں کے تشدد سے پی ٹی آئی ورکر شدید زخمی پی پی کارکنان کی ڈی سی آفس کے اندر داخل ہو کر توڑ پھوڑ پی ٹی آئی کارکنان و قیادت انتخابات کے نتائج کے خلاف احتجاجی دھرنا دے کر بیٹھے تھے خرم شیر زمان نے کہا کہ میرے اپنے حلقے میں چیئرمین جیتے تھے اگلے دن نتائج میں ہار گئے، ان کو کوئی شرم نہیں آرہی، اپنی مرضی کے رزلٹ نکال رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جئیں گے مریں گے، جب تک فارم گیارہ کے مطابق رزلٹ نہیں ملیگا واپس نہیں جائیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ انہوں نے کیا دودھ کی نہریں بہا دیں جو انہوں نیا الیکشن جیت لیا، کراچی والے کوئی پاگل نہیں جو پیپلز پارٹی کو ووٹ دیں۔

بقیہ 33

پہلے روز ماہرین کی سطح پر مذاکرات ہو رہے ہیں جو بین الحکومتی کمیشن کی سطح پر ہو رہے ہیں جبکہ کل ہونے والے اجلاس میں دونوں ملکوں کے وزرا بھی شریک ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزارتی سطح کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی ایاز صادق کریں گے اور وزیر مملکت پیٹرولیم مصدق ملک بھی شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق روس کے وزیر توانائی آج پاکستان پہنچ رہے ہیں، مذاکرات میں روس سے خام تیل، پیٹرول اور ڈیزل کی سستے داموں خریداری پر بات ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہیکہ روس سے ایل این جی کا حصول اور پاکستان سٹریم گیس پائپ لائن کی تعمیر کا معاملہ بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔

بقیہ 34

اسلامی کے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالاکبر چترالی نے صحابہ کرام واہلبیت عظام وامہات المومنین کی توہین روکنے سے متعلق بل 2022 پیش کیا جسے ارکان نے متفقہ طور پر منظور کیا۔ نئے قانون کے تحت صحابہ واہلبیت عظام اور امہات المومنین کی توہین پر کم سے کم سزا 10 سال جبکہ زیادہ سے زیادہ عمر قید ہوگی جب کہ پرانے قانون میں یہ سزا 3 سال تک تھی۔

بقیہ 35

ہوئے تھے جو کہ گزشتہ 4 مہینوں سے لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او ملک حاجی آ کبر آفریدی . ایڈیشنل ایس ایچ او عظمت ولی شینواری جرگہ مشران حاجی شاہ جی شینواری . حاجی ہدایت شاہ شینواری . حاجی الیاس شینواری اختر علی شینواری کی دن رات کوششوں سے دونوں فریقین کے درمیان 75 سالہ زمینی تنازعہ مسئلہ حل کردیا گیا . اور دونوں فریقین فریقین کے درمیان صلح کرنے کے بعد آپس میں بغلگیر ہو گئے اور آئندہ بھائیوں کی طرح رہنے پر اتفاق کیا گیا اس موقع پر لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او حاجی آ کبر آفریدی نے کہا کہ علاقے میں عوام کی جان و مال کی تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہیں علاقے کے تمام مسائل مشران کے تعاون سے حل کرینگے علاقے کے عوام موجودہ صورتحال میں پولیس حکام کے ساتھ تعاون کریں تا کہ علاقے میں امن اور امان کے صورتحال مزید بہتر ہو سکے اور عوام بہتر زندگی گزار سکے . لنڈی کوتل تحصیل میں دو فریقین کے درمیان صلح کرنے کے بعد اور مزکورہ مسئلہ حل کرنے پر دونوں فریقین نے اور عوام نے لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او ملک حاجی اکبر آفریدی . ایڈیشنل ایس ایچ او عظمت ولی شینواری سب انسپکٹر آمجد شینواری . سب انسپکٹر عشرت شینواری کے اس اقدام کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 36

ملنے کے بعد الیکشن عملے کو ٹریننگ بھی دی جائے گی۔ واضح رہے کہ اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد الیکشن کمیشن آئین کے تحت 3 ماہ میں اسمبلیوں کے عام انتخابات کرانے کا پابند ہے۔

بقیہ 37

مظفر گڑھ کو پیمرا قوانین کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا اور ان کے غیر قانونی چینلز کی ترسیل میں استعمال ہونے والے آلات کو ضبط کر لیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پیمرا غیر قانونی/ انڈین چینلز کی تقسیم کار، غیر مہذب مواد کی تقسیم کے حوالہ سے کوئی بھی رعایت نہیں برتے گی ۔ تمام کیبل آپریٹرز کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ غیر قانونی انڈین مواد اور انڈین چینلز کی نشریات بند کردیں بصورت دیگر ان کے خلاف پیمرا قوانین کے تحت سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 38

ساتھ ملاقات کے دوران پاکستان کی معیشت کو متحرک کرنے اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 39

سنجیدہ نہیں ایک مذاق ہے، احد چیمہ نیب کے کیس میں شہباز شریف کے شریک ملزم ہیں، ہم نے سنجیدہ نام دیئے تھے ان پر اتفاق ہونا چاہیے۔ سابق وزیر اطلاعات نے کہا کہ ملک احمد خان نے بھی کہا تحریک انصاف کے سنجیدہ نام ہیں، احمد نواز سکھیرا، ناصر کھوسہ صاحب دونوں بڑے کریڈیبل نام ہیں، ناصر کھوسہ صاحب سے درخواست کروں گا اپنا فیصلہ تبدیل کریں، آج پنجاب کے بعد خیبر پختونخوا اسمبلی تحلیل ہوجائیگی، کچھ دیر بعد سمری گورنر خیبر پختونخوا کو بھجوادی جائے گی، یہ دو وعدے عمران خان نے جلسے میں کیے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دو حکومتوں کو ٹھوکر مار کر عمران خان عوام کے پاس جا رہے ہیں، پاکستان میں تو کوئی کلرک کی نوکری نہیں چھوڑتا، ہمیں پاکستان کیلئے اس حکومت کو گھر بھیجنا ہوگا، سینئر لیڈرشپ نے جے آئی ٹی پر پرچہ ڈالنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے، طاقت ور حلقوں نے جے آئی ٹی ممبران کو کہا یہ کرنا ہے وہ نہیں کرنا، تحریک انصاف کے استعفے قبول نہیں کیے جا رہے۔ فواد چودھری نے مزید کہا کہ پرویز خٹک کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی ہے، ہماری کمیٹی سپیکر کے پاس جائے گی، اگر وفاقی حکومت الیکشن کے فریم ورک پر بات نہیں کرے گی تو پھر حکومت کو گھر بھیجنا ہوگا، الیکشن 90 دن سے ایک دن بھی آگے نہیں ہونا چاہیے، وفاقی حکومت اگر جلد ختم ہو جاتی ہے تو پھر الیکشن کا سارا پراسس رمضان سے پہلے ہو جانا چاہیے۔ سابق وزیر اطلاعات نے کہا کہ عمران خان پاکستان کے اگلے وزیراعظم ہیں ان کو مٹانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، یہ عمل افسوس ناک ہے، تین دن کراچی کے نتائج نہیں آ سکے، اب سمجھ آ گئی الیکشن کمیشن، اسٹیبلشمنٹ،)ن (لیگ، پیپلز پارٹی ای وی ایم کی مخالفت کیوں کر رہے تھے، اگر الیکشن ای وی ایم کے ذریعے ہوتا تو نتائج آدھے گھنٹے تک آ جاتے، یہی وجہ ہے انہوں نے ای وی ایم نہیں آنے دی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں دھاندلی کی نئی مثالیں قائم کی گئیں، تحریک انصاف نے بلدیاتی انتخابات کے نتائج کو مسترد کر دیا، بلدیاتی انتخابات کی مکمل انویسٹی گیشن کرائی جائے، وزیر داخلہ نے ووٹنگ کی شرح کو کم کرنے کیلئے دھاکوں کے حوالے سے بیانات دیئے، پاکستان میں معیشت کا بحران سنگین ہوتا جا رہا ہے، چاہتے ہیں وفاقی حکومت ساتھ بیٹھے اور الیکشن ریفارمز پر بات کرے۔ پی ٹی آئی رہنما فواد چودھری نے مزید کہا اپوزیشن لیڈر، پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کے چیئرمین کا عہدہ دیا جائے، قومی اسمبلی میں واپسی کا فیصلہ تینوں عہدے پی ٹی آئی کو دینے سے مشروط ہے، رانا ثنا اللہ کہتا تھا پنجاب حکومت فتح کرنے آیا ہوں، مسلم لیگ)ن (کے جو حالات لگ رہے ہیں رانا ثنا کو پنجاب کی صدارت بھی قربان کرنا پڑے گی۔ سابق وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ ہم وفاقی حکومت گرانا نہیں چاہتے، اگر الیکشن فریم ورک پر بات نہیں ہوگی تو پھر اس طرف جائیں گے، مسلم لیگ کے کافی لوگ رابطے کر رہے ہیں، ہاں اس میں واپسی کا فیصلہ ہم نے ابھی نہیں کیا۔

بقیہ 40

روپے اضافے کی منظوری دی تھی۔ یہ ایڈجسٹمنٹ اکتوبر، نومبر، دسمبر 2022 اور جنوری 2023 میں استعمال کئے گئے یونٹ پر چارج کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جو جنوری سے اپریل 2023 تک 4 ماہ میں وصول کی جائے گی۔ کے الیکٹرک کے بجلی صارفین کیلئے اچھی خبر آ گئی، ایک ماہ کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 10 روپے 26 پیسے کمی کا امکان ہے۔ کے الیکٹرک نے نیپرا میں فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کمی کی درخواست دائر کردی، جس کی سماعت 30 جنوری کو ہوگی۔ کے الیکٹرک نے گزشتہ ماہ دسمبر کے ایف سی اے کی مد میں کمی کی درخواست دائر کی تھی۔ مزید پڑھیں: کے الیکٹرک کیلئے بجلی کی قیمت میں 4.49 روپے تک اضافے کی منظوری قبل ازیں نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (نے کے الیکٹرک کیلئے بجلی کی قیمت میں مختلف کیٹگریز میں 1.49 روپے سے لے کر 4.49 روپے اضافے کی منظوری دی تھی۔ یہ ایڈجسٹمنٹ اکتوبر، نومبر، دسمبر 2022 اور جنوری 2023 میں استعمال کئے گئے یونٹ پر چارج کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جو جنوری سے اپریل 2023 تک 4 ماہ میں وصول کی جائے گی۔

بقیہ 41

بااختیار بنانا ہے تاکہ وہ ہمارے ملک کے مختلف شعبوں میں کام کر سکیں اور ملکی ترقی وخوشحالی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ آج اپنی بچیوں کو اس یونیورسٹی میں خود اعتمادی کے ساتھ حصول تعلیم میں مگن دیکھ کر دلی خوشی ہوئی ہے۔

بقیہ 42

چودھری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی جس میں وارنٹ گرفتاری کے باوجود عمران خان پیش نہیں ہوئے۔ دوران سماعت معاون وکیل نے بتایا کہ فیصل چودھری اور دیگر وکلا لطیف آفریدی کے جنازے میں گئے ہیں، جس پر الیکشن کمیشن کے ممبر بلوچستان نے استفسار کیا کہ عمران خان، اسد عمر اور فواد چودھری کہاں ہیں؟ ممبر پختونخوا نے ریمارکس دیے کہ ہائیکورٹ نے وارنٹ معطل کیے ہیں، لیکن پیشی سے نہیں روکا، حاضری سے استثنیٰ کی درخواست بھی دائر نہیں کی گئی۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن نے عمران خان، اسد عمر اور فواد چودھری کی عدم پیشی پر فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے کیس کی سماعت 24 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 43

تھا کہ یہ سیلیں توڑے بغیر کھولی جا سکتی ہیں، فردوس شمیم نقوی کی بیلٹ باکس کی سیلیں توڑنے کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن نے فردوس شمیم نقوی کے بیلٹ باکس کی سیلیں توڑنے کا نوٹس لیا اور اب ان کے خلاف خلاف مقدمہ بھی درج کرلیا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ کارروائی پریزائیڈنگ افسر کی مدعیت میں سولجر بازار تھانے میں کی گئی۔

بقیہ 44

بارشوں کے دوران دس نئے ورکرز ڈیلی ویجز پر عارضی طور بھرتی کیے تھے۔ جو عیسائی گجراتی نہیں بلکہ کوہلی برادری سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور وہ صفائی کے عمل میں حصہ نہیں لیتے۔ جبکہ مستقل بنیادوں پر سیاسی طور پر بھرتی خاکروں میں ایک بہت بڑی تعداد مسلم نوجوانوں کی ہے۔ جو جھاڑو دینے یا گٹر صاف کرنے کے بجائے شہر میں ٹریفک کنٹرول کے بہانے مٹرگشت کرتے نظر آتے ہیں۔ جو کہ ٹریفک پولیس کا کام ہے۔ سنٹری ورکرز) بھنگیوں (کی پوسٹ پر بھرتی یہ نوجوان اسٹک اٹھائے خود کو اعلیٰ افسر سمجھ کر عوام پر رعب جھاڑتے دکھائی دیتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ڈیلی ویجز پر کام کرنے والوں کے مطالبات پر غور کرنے کے ساتھ ساتھ بھنگیوں کی پوسٹ پر بھرتی مسلم افراد کے ہاتھ میں بھی جھاڑو اور گٹر صاف کرنے کے اوزار پکڑائے جائیں۔ تا کہ وہ بھی روزی حلال کر سکیں اور جس پوسٹ پر کئی سالوں سے گھروں میں بیٹھے تنخواہیں کھا رہے ہیں۔ شہری حلقوں کو شاید اس کے لیے عدالت کا دروازہ بھی کھٹکھٹانا پڑے

بقیہ 45

3 سال کے عرصے کے لئے کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں نیشنل بینک کے لئے 2 ڈائریکٹرز کی تعیناتیاں بھی کر دی گئی ہیں، نسیم احمد اور علی سید کو ڈائریکٹر نیشنل بینک تعینات کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ نے اشرف محمود وتھرا کو نیشنل بینک بورڈ آف ڈائریکٹر کا چیئرمین تعینات کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اشرف محمود وتھرا کی تعیناتی 3 سال کے عرصے کے لئے کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں نیشنل بینک کے لئے 2 ڈائریکٹرز کی تعیناتیاں بھی کر دی گئی ہیں، نسیم احمد اور علی سید کو ڈائریکٹر نیشنل بینک تعینات کیا گیا ہے۔

بقیہ 46

الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی کراچی کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھری ہے، کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کا ساتھ دیا ہے، جماعت اسلامی کے ووٹ پیپلز پارٹی سے بھی دوگنا زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی شہریوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، ہم نے ہر مرحلے پر عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کی ناک کے نیچے آر اوز نے نتائج تبدیل کئے ہیں، تین سے چار مرتبہ الیکشن ملتوی کرائے گئے، پیپلز پارٹی نے غیر جمہوری رویہ اپنایا ہے، ضرورت پڑی تو پورے ملک شاہراہیں جام کردیں گے۔

بقیہ 47

بچا میں رکھا اور اسلحہ کی نوک پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، ملزمان کے خلاف صحافی کی مدعیت میں تھانہ رتہ امرال میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، رتہ امرال پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے صحافی کو حبس بیجا میں رکھنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 03 ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں راشد، بلال اور خان زادہ شامل ہیں،، ایس ایچ او رتی امرال نے بتایا کہ میرٹ پر مقدمہ کی تفتیش کو یقینی بنایا جائے گا، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ کا کہنا تھا کہ قانون شکنی ناقابل برداشت ہے ایسے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بقیہ 48

دوبارہ نہ دھکیلا جائے، کراچی کو امن اور سکون چاہیے۔

بقیہ 49

بحال کر دی گئی ہے، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض کی رکنیت بھی بحال کی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے نور عالم خان، رضا ربانی کھر، سید باسط احمد سلطان کی رکنیت بھی بحال کردی، شزہ فاطمہ خواجہ، مسرت آصف خواجہ، شاہدہ رحمانی کی رکنیت بھی بحال کردی گئی ہے۔

بقیہ 50

سے وہ زخمی ہوگئے، حالات خراب ہونے کے بعد پولیس کی مزید نفری کو طلب کیا گیا جس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو کنٹرول کرلیا۔ اس حوالے سے ایس ایس پی کیماڑی کا کہنا ہے کہ پولیس کی نفری ڈی سی آفس کے باہر تعینات کردی گئی جو حالات نارمل ہونے تک موجود رہے گی، آفس کو کلیئر بھی کرا لیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما علی زیدی نے کہا کہ اندر نتائج تبدیل ہو رہے ہیں، ہمارے پاس فارم گیارہ موجود ہیں، مجھ پر پتھراؤ ہوا، معمولی زخمی ہوا ہوں، پولیس کی موجودگی میں پیپلز پارٹی کے غنڈے آئے۔ سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا کہ اب ان کی غنڈہ گردی نہیں چلے گی، کیا کوئی نعرہ لگائے گا تو اسے مار دیا جائیگا، اس طرح کی بدمعاشی سے معاملات آگے نہیں چلیں گے، ہم تو ڈی سی کو شواہد دینے آئے تھے، اب معاملات عدالت میں حل ہوں گے۔ دوسری جانب پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر اطلاعات شرجیل میمن نے کہا کہ ڈی سی آفس بات ہوئی ہے، بقول ان کے پی ٹی آئی والوں نے سوچی سمجھی سازش کے تحت حملہ کیا، سندھ میں پی ٹی آئی کو بدترین شکست ہوئی، عمران اسماعیل اپنی شکست تسلیم کر چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا شکست کے بعد لوگوں پر حملہ کرنا قابل مذمت ہے، واقعے میں جو بھی ملوث ہوگا قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، نتائج تقریباً سارے آ چکے ہیں، جس کو کوئی فارم چاہیے تو الیکشن کمیشن کے دفاتر جائے، ڈی آر او آفس کے شیشے توڑے گئے۔

بقیہ 51

، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قومی ادارہ صحت) این آئی ایچ (نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 1 ہزار 865 کورونا ٹیسٹ کیے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1 ہزار 865 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 05 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 0.27 فیصد رہی ہے، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 12 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 52

مختلف شعبوں سے متعلق اعداد و شمار کا تبادلہ کیا، روس سے تیل اور گیس کی درآمدی قیمت سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں، تیل اور گیس کے قلیل المدتی، درمیانی مدت اور طویل المدتی روڈ میپ تیار کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ روسی وفد نے تیل اور گیس کی فراہمی سے متعلق پیش کش دے دی، وفد نے کہا کہ روس پاکستان کی توانائی کی ضروریات پورا کر سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی وفد نے ملک میں تیل اور گیس کی رسد اور طلب کا ڈیٹا فراہم کیا، تیل اور گیس کن شرائط، قیمت اور مقدار میں فراہم کیا جا سکتا ہے، دونوں ملکوں کے درمیان حتمی ورکنگ پیپر تیار کرنے پر اتفاق ہوا، انٹر گورنمنٹل مذاکرات میں ادائیگیوں اور شپنگ کے طریقہ کار پر بھی بات چیت ہوئی، دونوں ملکوں کے وفود کی تکنیکی معلومات کل کے مذاکرات کے ایجنڈے کا حصہ ہوں گی۔ روس اور پاکستان کے درمیان کل وزرا کی سطح پر مذاکرات ہوں گے، دونوں ممالک کے وزرا ٹیکنیکل معلومات پر حتمی نتائج پر پہنچیں گے، تیل اور گیس کی خرید وفروخت سے متعلق کل ہونے والے مذاکرات میں اہم پیش رفت کا امکان ہے، طویل المدتی ایل این جی معاہدے نارتھ ساتھ گیس منصوبے پر بھی پیش رفت کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 53

زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے بتایا کہ ملک میں مجموعی طور پر 3200 ملین کیوبک فٹ پرڈے)ایم ایم سی ایف ڈی (گیس پیدا ہوتی ہے جس میں سے 1600 ایم ایم سی ایف ڈی گیس سسٹم میں آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 700 ایم ایم سی ایف ڈی گیس براہ راست بجلی کے کارخانوں کو جاتی ہے، چولہے جلانے کے لیے ملک میں 1400 ایم ایم سی ایف ڈی گیس چاہیے، رواں سال صورت حال خراب ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں گیس کی لوڈ شیڈنگ نہیں کی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اوگرا نے گیس مہنگی کرنے کی تجویز دی تھی لیکن مہنگائی کی وجہ سے گیس کی قیمت نہیں بڑھائی، قیمت نہ بڑھانے سے قومی خزانے پر بوجھ پڑا ہے لیکن عوام پر اضافی بوجھ نہیں ڈال رہے، مناسب وقت میں گیس کی قیمت بڑھائی ہوگی۔ عمران خان دور حکومت میں وزیر اعظم آفس کے اخراجات کی تفصیلات سینیٹ میں پیش اجلاس میں عمران خان دور حکومت میں وزیراعظم آفس کے اخراجات کی تفصیلات سینیٹ میں پیش کی گئیں۔ پیپلز پارٹی کے سینیٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ سابق وزیراعظم عمران خان نے سائیکل پر آفس آنے کی بات کی اور سادگی کا درس دیا لیکن ہیلی کاپٹر پر سفر کیا، اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ تین سال میں عمران خان نے بطور وزیراعظم ایک ارب روپے خرچ کیے۔ وزیر مملکت برائے قانون شہادت اعوان نے وزیراعظم ہاؤس کے 3 سال کے اخراجات کی تفصیل پیش کی اور بتایا کہ ایوان میں 2019 سے 2021 کے اخراجات کی تفصیلات جمع کرادی گئی ہیں، 3 سال کے دوران وزیراعظم آفس کے لیے ایک ارب 17 کروڑ روپے بجٹ مختص کیا گیا جبکہ اخراجات 90 کروڑ روپے سے زائد رہے۔ کراچی بلدیاتی انتخابات میں دھاندلی کا معاملہ زیر بحث ایوان بالا کے اجلاس میں سندھ بلدیاتی انتخابات کا معاملہ بھی زیر بحث رہا۔ جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے الیکشن کمیشن اور سندھ حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا اور کہا کہ عوامی حق پر ڈاکا ڈالا گیا، بلدیاتی انتخابات کے نتائج باقاعدہ تبدیل کیے گئے۔ سینیٹر مشتاق نے کہا کہ کراچی بلدیاتی انتخابات میں بعد از انتخابات دھاندلی ہوئی، کراچی بلدیاتی انتخابات کے نتائج 36 گھنٹے بعد آئے، الیکشن کمشنر سندھ نااہل ہے جو صاف وشفاف انتخابات نہیں کروا سکا، فری اینڈ فیئر انتخابات پاکستان کی لائف لائن ہیں، عوام کا اعتماد الیکشن سے اٹھ گیا تو جغرافیہ خطرے میں پڑ جائے گا، عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا جمہوریت پر حملہ ہے۔ بعد ازاں اجلاس جمعہ کی صبح ساڑھے دس بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 54

کے ڈبل سواری پر مکمل پابندی عائد کردی گ ء ہیں کے ساتھ کالے شیشوں والے گاڑیوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن شروع کردی ہیں

بقیہ 55

پہلی کمرشل پرواز بھری۔ 7 مہینے سے لانگ گراؤنڈنگ کا شکار بوئنگ 777 طیارہ بھی آپریشن میں شامل ہو گیا، طیارے نے کئی ماہ بعد پہلی پرواز آج صبح پی کے 300 کی حیثیت سے بھری، گزشتہ چند ماہ کے دوران یہ دوسرا بوئنگ 777 ہے جو آپریشن میں واپس آیا، تیسرا طیارہ بھی اگلے چند ہفتوں میں آپریشنل ہوجائے گا۔ پی آئی اے کے 14 ایئربس اور 10 بوئنگ 777 سمیت کل 25 طیارے شیڈول کا حصہ ہوں گے، طیاروں کی فعالی سے پی آئی اے کا شیڈول ہموار ہوجائے گا۔ ترجمان پی آئی اے نے کہا ہے کہ کووڈ 19 کے بعد پی آئی اے کے فعال طیاروں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے، ہوابازی کی صنعت مکمل طور پر بحالی کی طرف گامزن ہے۔

بقیہ 56

کے مکان میں رہنا واقعی مشکل ہے اس لیے میں اپنی زمین حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہوں، حالانکہ اسلام مجھے اپنے والدین سے جائیداد لینے کا اتنا ہی حق دیتا ہے لیکن پھر بھی ہمارے گاں میں یہ دقیانوسی طرز عمل ہے اور لوگ مجھے کہتے ہیں کہ بیٹیوں کو زمین میں ان کا حق نہیں لینا چاہیے۔ اسی طرح شکرگڑھ میں رہنے والی عابدہ بتاتی ہیں کہ جب اس نے وراثت میں اپنے حق کے لیے آواز اٹھائی تو اسے اس کے خاندان میں کسی نے سنجیدہ نہیں لیا اور ہر کوئی اسے دھمکیاں دیتا اور جذباتی طور پر بلیک میل کرتا کہ اس نے اپنا حصہ لے کر کیا کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جب میں نے عدالت میں اپنے کیس کی پیروی کی تو میرے بھائی نے مجھے اپنے گھر واپس نہ آنے کو کہا اور اس نے مجھ سے اپنے تمام تعلقات ختم کردیے، اس کے باوجود میں نے اپنے وراثت کے حق کے لیے جدوجہد کی ۔ جس کے بعد انکو اپنا حصہ ملا۔ لیکن اب اٹھ سال ہوگئے ہیں اور آج تک میرے بھائی نے ہم سے بات نہیں کی اس وجہ سے۔ قانونی پیچیدگیاں عابدہ بتاتی ہیں سب سے بڑا چیلنج جس کا سامنا میں نے اپنی وراثت کے لیے کیس دائر کرتے ہوئے کیا تا کہ یہ ثابت کیا جا سکے کہ میں کچھ اراضی کا بینیفشری ہوں۔ وہ بہت ساری ڈاکومنٹس اکٹھی کرنا تھا کیوں کہ ہمارے علاقے کی زمین تب کمپیوٹرائزڈ نہیں تھی۔ دوسری بات یہ کہ مجھے وکلا اور دوسرے لوگوں کو اتنی رقم ادا کرنی پڑتی تھی کہ بعض اوقات مجھے قرض بھی لینا پڑتا تھا۔ میں نے اپنی زمین حاصل کرنے کے لیے جو کل رقم ادا کی وہ 2 لاکھ سے زیادہ تھی، بعض اوقات وکلا ہمارا کام نہیں کرتے کیونکہ وہ زیادہ پیسے چاہتے ہیں جو کہ بہت افسوسناک بات ہے۔ 2011 کے انسداد خواتین پریکٹسز ایکٹ) فوجداری قانون میں ترمیم (کی دفعہ 498-A کے مطابق دھوکہ دہی یا غیر قانونی طریقوں سے خواتین کو وراثت کی جائیداد سے محروم کرنے پر قید کی سزا ہو سکتی ہے جس کی مدت دس سال تک ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں منظور کیا گیا سب سے حالیہ بل، انفورسمنٹ آف ویمنز پراپرٹی رائٹس) ترمیمی (بل، 2021، اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کرتا ہے کہ خواتین کے جائیداد رکھنے اور رکھنے کے حق کو ہراساں کرنے، زبردستی، زبردستی یا دھوکہ دہی کے ذریعے پامال نہ کیا جائے۔ لیکن قانون کے باوجود خواتین کو چیلنجز کا سامنا ہے۔ شکرگڑھ کی عدالت میں کام کرنے والے ایڈووکیٹ قدیر خان کا کہنا ہے کہ انہوں نے خواتین کے وراثتی حقوق کے حوالے سے بہت سے کیسز لڑے ہیں لیکن انہیں سب سے زیادہ مشکل اس وقت درپیش ہوتی ہے جب لوگ ان کے پاس آتے ہیں اور انہیں اپنے حقوق کے حوالے سے مناسب آگاہی نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے وہ ناامید ہوجاتے ہیں اور کبھی تو اپنا کیس بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ نارووال میں اعداد و شمار کے مطابق 2010 سے لے کر 2022 تک عورتوں کے جائیداد کے 587 مقدمات درج ہوئے جن میں 2021 میں 62 کیسز اور 2022 میں 21 کیسز دائر ہوئے اور اس وقت پینڈنگ کیسز کی تعداد 43 ہے۔ لیکن مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ بہت ساری خواتین اپنے حقوق کو تسلیم کر رہی ہیں اور اپنے مقدمات لڑ رہی ہیں۔ چند سال پہلے یہ ممکن نہ تھا۔ جب کوئی ہمارے پاس آتا ہے تو ہم ان کی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں زیادہ تر خواتین کو وراثت میں زمین ملتی ہے لیکن زمین خریدنے کا کوئی رجحان نہیں ہے۔ شفافیت اور معلومات کا قانون استعمال کرتے ہوئے لی جانے والی انفارمیشن کے مطابق شکر گڑھ میں تقریبا 232745 اراضی مالکان ہیں جن میں سے صرف 28000 خواتین کے پاس زمین ہے جو کہ محض 2 فیصد بنتی ہے۔ شکرگڑھ تھانے کے اہلکار بتاتے ہیں کہ جب بھی انہیں تنازعات کے حوالے سے کوئی شکایت ملتی ہے تو وہ کارروائی کرتے ہیں۔ انہیں 2022 میں 19، 2021 میں 10 اور 2020 میں 6 شکایات موصول ہوئیں جن میں خواتین نے وراثتی جھگڑوں کی وجہ سے تشدد کی شکایت کی لیکن انہوں نے اس کے بعد صلح کرنے کی بنیاد پر کیس کو چھوڑ دیا اور مقدمہ خارج کروا دیا۔ ان میں سے ایک کیس امرت خان کا ہے جس نے اپنے رشتے داروں سے اپنا جائیداد میں حصہ لینے کے لئے کیس فائل کیا تھا۔ لیکن اس کو اس بات پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ لیکن بعد میں انہوں نے صلح کرنے کی بنیاد پر اپنا کیس واپس لے لیا۔

بقیہ 57

کی کوشش کرے گی اور نہ ہونے کی صورت میں چاروں نام الیکشن کمیشن کو ارسال کردیے جائیں گے اور الیکشن کمیشن اپنے طور پر نگراں وزیراعلیٰ کا تقرر کرے گا جو حتمی ہوگا۔

بقیہ 58

کی درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے نیب ترامیم کے بعد 386 کیسز احتساب عدالتوں سے واپس ہوئے۔ وفاقی حکومت کے وکیل مخدوم علی خان نے دلائل دیے کہ جسٹس اعجاز الاحسن نے آبزرویشن دی تھی کہ 386 کیسز میں سے کتنے اراکین پارلیمنٹ کے تھے، عدالت یہ بھی پوچھ سکتی تھی کہ تحریک انصاف کے ساڑھے تین سالہ دور میں 5 نیب آرڈیننس لائے گئے، اس وقت کتنے نیب ریفرنس واپس اور افراد بری ہوئے۔ وکیل نے کہا کہ عدالت یہ بھی پوچھے کہ تحریک انصاف کے آرڈیننسز سے بری ہونے والے ملزمان میں کون کون شامل ہے، نیب قانون میں حالیہ ترامیم پرانے قانون کا ہی تسلسل ہے، عدالت خود کو 386 نیب کیسز تک محدود نہ رکھے۔ چیف جسٹس پاکستان نے وکیل سے کہا کہ آپ بتا دیں نیب سے کیا سوالات پوچھیں نوٹ کرا دیتے ہیں۔ وکیل مخدوم علی خان نے کہا نیب بتائے کہ پی ٹی آئی کے آرڈیننسز کے ذریعے کتنے ریفرنس واپس ہوئے؟ نیب آرڈیننسز سے کتنے افراد بری ہوئے اور ٹرائل کورٹ نے بریت کی کتنی درخواستیں واپس کیں؟ سپریم کورٹ نے عمران خان کے دور میں نیب آرڈیننس سے بری اور مستفید ہونے والوں کی تفصیلات طلب کرلیں۔ جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ اگر نیب کو ختم کر بھی دیا جائے تو جرائم کے سدباب کے لیے دیگر قوانین موجود ہیں، ایسا کہنا درست نہیں کہ نیب کیسز سے بری ہونے والے صاف شفاف ہونے والے گھر چلے جاتے ہیں، یہ تاثر غلط ہے کہ نیب ختم ہو جانے سے قانون کی گرفت بھی ختم ہو جائے گی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ تحریک انصاف کا موقف ہے کہ نیب کیسز میں جرم ثابت کرنے کا معیار ہی بدل دیا گیا ہے، سوال یہ بھی اہم ہے کہ نیب کیسز میں سزائیں ہونے کے بعد حالیہ ترامیم کا اطلاق ماضی سے کیسے ہوسکتا ہے؟ ایسا نہیں ہوسکتا کہ نیب قانون میں ترامیم لاکر اطلاق 1985 سے کردیا جائے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ نیب قانون میں حالیہ ترامیم عظیم ایمنسٹی ہیں اور یہ بڑی عجیب بات ہے، مجھے یہ بھی پتا ہے کہ نیب قوانین کے علاوہ دیگر قوانین بھی موجود ہیں، اگر احتساب عدالت جرم سے بری کر دے تو ملزم گھر ہی جائے گا، کیس کے دوران میرے کیے گئے سوالات عارضی نوعیت کے ہیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 19 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 59

پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زلزلے کے بعد فوری امداد ملی تھی، افسوس کی بات ہے کہ ماحولیاتی بحران کے باوجود اس بار ایسا نہیں ہوا۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ عالمی میڈیا کی توجہ سیلاب سے ہٹ گئی ہے مگر پاکستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں میں کشتیاں چل رہی ہیں۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ سیلاب کی تباہی کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ امریکی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں حنا ربانی کھر نے کہا کہ جس غیر متناسب تباہی کا پاکستان کو سامنا ہوا ہے اس کی قیمت پاکستان کو تنہا چکانے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زلزلے کے بعد فوری امداد ملی تھی، افسوس کی بات ہے کہ ماحولیاتی بحران کے باوجود اس بار ایسا نہیں ہوا۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ عالمی میڈیا کی توجہ سیلاب سے ہٹ گئی ہے مگر پاکستان میں اب بھی سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں میں کشتیاں چل رہی ہیں۔

بقیہ 60

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سود ایک لعنت ہے اور دین اسلام میں اسے اللہ کے خلاف جنگ قرار دیا گیا ہے، نجی سود کے حوالے سے پابندی کا قانون دین کی خدمت ہے، اللہ اور اللہ کے رسولؐ کے احکامات کی تعمیل کر کے سرخرو ہوئے ہیں، سود کا کاروبار کرنے والوں کو روز قیامت کالے منہ کے ساتھ اٹھایا جائے گا، ہم نیک نیتی سے دین کا کام کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ چودھری پرویز الٰہی نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں کوئی بھی نجی سود کے حوالے سے لین دین نہیں کر سکے گا، نجی سود کا کاروبار کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا، لین دین کرنے والوں کو 10 سال قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، قانون نافذ ہونے کے بعد ماضی میں نجی طور پر سود کی مد میں رقم لینے والا شخص اب صرف اصل رقم ہی واپس کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ اصل رقم کے علاوہ نجی سود کی مد میں اضافی رقم مانگنے پر متعلقہ شخص کے خلاف مقدمہ درج ہو سکے گا، نجی سود کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کوئی بھی شہری تھانے جا کر ایف آئی آر درج کرا سکے گا، پابندی کا قانون نافذ ہونے کے بعد کئی گھر اجڑنے سے محفوظ رہیں گے۔

بقیہ 61

وزیراعلیٰ کے تقرر کے لئے اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹی میں ملک احمد خان، حسن مرتضیٰ اور خلیل طاہر سندھو کے نام شامل ہیں۔ خیال رہے کہ حکومتی اتحاد کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی کے لئے میاں اسلم اقبال، راجہ بشارت اور ہاشم جواں بخت کے نام پہلے ہی سپیکر کو بھجوا دیے گئے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (اور اتحادی جماعت ق لیگ کے بعد مسلم لیگ) ن (نے بھی پارلیمانی کمیٹی کے 3 ناموں کی منظوری دے دی ہے۔ پنجاب میں نگران وزیر اعلیٰ کے تقرر کے لئے اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹی میں ملک احمد خان، حسن مرتضیٰ اور خلیل طاہر سندھو کے نام شامل ہیں۔ خیال رہے کہ حکومتی اتحاد کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی کے لئے میاں اسلم اقبال، راجہ بشارت اور ہاشم جواں بخت کے نام پہلے ہی سپیکر کو بھجوا دیے گئے ہیں۔

بقیہ 62

کیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں دیسی ساختہ بم، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ سیکورٹی فورسز کو خصوصی ہیلی کاپٹرز کے ذریعے علاقے میں داخل کیا گیا جبکہ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو ختم کرنا تھا۔ بلوچستان کے علاقے ہوشاب اور تلسر میں سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ہوشاب اور تلسر میں خفیہ معلومات کی بنیاد پر آپریشن کیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں دیسی ساختہ بم، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ سیکورٹی فورسز کو خصوصی ہیلی کاپٹرز کے ذریعے علاقے میں داخل کیا گیا جبکہ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو ختم کرنا تھا۔

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے وفاقی اور صوبائی وزرا سمیت 21 پارلیمینٹیرینز کی رکنیت معطل

3 ارکان قومی اسمبلی وفاقی وزیر سردار اسرار ترین، مولانا عصمت اللہ، سید محمود شاہ کی بھی رکنیت معطل کر دی گئی

پارلیمنٹ نے 31 دسمبر تک اپنے اور اپنے اہلخانہ کے اثاثوں، واجبات کی تفصیلات الیکشن کمیشن آف پاکستان کو جمع کروانی تھیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایک وفاقی، تین صوبائی وزرا اور ایک مشیر سمیت 21 پارلیمنٹیرینز کی رکنیت معطل کردی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ارکان پارلیمنٹ نے 31 دسمبر تک اپنے اور اپنے اہلخانہ کے اثاثوں، واجبات کی تفصیلات الیکشن کمیشن آف پاکستان کو جمع کروانی تھیں، اثاثوں کی تفصیلات جمع کروانے کے لیے 15 جنوری 2023 تک توسیع کی گئی تھی۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 6 سینیٹرز احمد خان، انوار الحق کاکڑ، عبدالقادر، مولانا عبدالغفور حیدری، منظور احمد کاکڑ، سعید احمد ہاشمی کی رکنیت معطل کی گئی ہے۔ 3 ارکان قومی اسمبلی وفاقی وزیر سردار اسرار ترین، مولانا عصمت اللہ، سید محمود شاہ کی بھی رکنیت معطل کر دی گئی۔ 12 ارکان (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ حکومت اپریل میں الیکشن کرانے پر مجبور ہوجائے گی

جماعت اسلامی کیساتھ میئر پر فارمولا طے کرنے کیلئے تیار ہیں، سعید غنی

سعید غنی کا کہنا تھا کہ بہت ساری چیزیں ہمارے سامنے آئی ہیں۔ ہم حقائق سامنے لائے تو آپ چیخنا شروع کردیں گے

جماعت اسلامی سے ترجیحی بنیاد پر بات کرنے کو تیار ہیں، جماعت کو توقع سے زیادہ نشستیں ملی ہیں اور وہ صفر سے 100 پر چلی گئی ہے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے ساتھ میئر پر فارمولا طے کرنے کے لیے تیار ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو میں صوبائی وزیر سعید غنی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی سے ترجیحی بنیاد پر بات کرنے کو تیار ہیں۔ جماعت کو توقع سے زیادہ نشستیں ملی ہیں اور وہ صفر سے 100 پر چلی گئی ہے۔ سعید غنی کا مزید کہنا تھا کہ جہاں جماعت ہار جاتی ہے وہاں شور شرابہ کیا جاتا ہے۔ شہر کی صورتحال کو خراب نہ کیا جائے۔ حافظ نعیم کا میرے بھائی سے متعلق دیا گیا بیان غلط ہے۔ میرا بھائی دوبارہ گنتی میں نہیں جیتا بلکہ وہ ایک یوسی سے ہارا تھا ایک سے جیتا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ جماعت ٹی وی پر بیٹھ کر میئر نہ مانگے۔ جماعت کیساتھ میئر پر فارمولا طے کرنے کیلئے تیار ہیں۔ حیرت ہے کہ جماعت (بقیہ نمبر 27)

لاہور: نواز شریف ایک ماہ میں وطن واپس آرہے ہیں، گورنر محمد بلیغ الرحمان

بلدیات کے تمام تر اختیارات بیوروکریسی کے سپرد

سیمی اربن علاقوں کی گیارہ ڈسٹرکٹ کونسلز کے سربراہ ڈپٹی کمشنرز ہوں گے

بلیغ الرحمان نے صوبے میں ایڈمنسٹریٹرز کی تعیناتی کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کردیا

لاہور (نامہ نگار) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے صوبے میں ایڈمنسٹریٹرز کی تعیناتی کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس میں بلدیات کے تمام تر اختیارات بیوروکریسی کے سپرد کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صوبے کے بلدیاتی نظام کو چلانے کے لئے نئے ایڈمنسٹریٹرز کا گزٹ نوٹیفکیشن کردیا گیا ہے، گورنر پنجاب نے کیبنٹ کمیٹی کی منظوری کے بعد گزٹ نوٹیفکیشن جاری کرنے کے احکامات دیے ہیں جس میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے تحت ایڈمنسٹریٹرز کو بحال کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 29)

لاہور: دو کاروں کے درمیان تصادم، 2 افراد زخمی

ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو سروسز ہسپتال لاہور منتقل کیا

حادثہ مین بلیوارڈ گلبرگ میں پیش آیا، اوورٹیکنگ کے دوران دو کاریں آپس میں ٹکرا گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے علاقے گلبرگ میں دو کاروں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں کم از کم دو افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ مین بلیوارڈ گلبرگ میں پیش آیا جہاں اوورٹیکنگ کے دوران دو کاریں آپس میں ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو سروسز ہسپتال لاہور منتقل کیا، ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ زخمیوں کی شناخت 25 سالہ احمد اور 40 سالہ عمران کے نام سے ہوئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے علاقے گلبرگ میں (بقیہ نمبر 30)

کراچی: جیتیں گے مریں گے، فارم گیارہ کے مطابق رزلٹ لیے بغیر واپس نہیں جائینگے، خرم شیر زمان

جیتیں گے مریں گے، فارم گیارہ کے مطابق رزلٹ لیے بغیر واپس نہیں جائینگے، خرم شیر زمان

کراچی (نامہ نگار) رہنما تحریک انصاف خرم شیر زمان نے کہا ہے کہ ہمارے ووٹرز کا حق چھینا جا رہا ہے، جیتیں گے مریں گے، جب تک فارم گیارہ کے مطابق رزلٹ نہیں ملیگا واپس نہیں جائیں گے۔ رہنما پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ ہماری (بقیہ نمبر 32)

روس سے سستا تیل اور گیس کی خریداری پر مذاکرات شروع

ذرائع کے مطابق آج پہلے روز ماہرین کی سطح پر مذاکرات ہو رہے ہیں

وزارتی سطح کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی ایاز صادق کریں گے، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) روس سے سستے تیل اور ایل این جی کی خریداری کے معاملے پر پاکستان سٹریم گیس پائپ لائن پر تین روزہ مذاکرات شروع ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق آج پہلے روز ماہرین کی سطح پر مذاکرات ہو رہے ہیں جو بین الحکومتی کمیشن کی سطح پر ہو رہے ہیں جبکہ کل ہونے والے اجلاس میں دونوں ملکوں کے وزرا بھی شریک ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزارتی سطح کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی ایاز صادق کریں گے اور وزیر مملکت پیٹرولیم مصدق ملک بھی شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق روس کے وزیر توانائی آج پاکستان پہنچ رہے ہیں، مذاکرات میں روس سے خام تیل، پیٹرول اور ڈیزل کی سستے داموں خریداری پر بات ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہیکہ روس سے ایل این جی کا حصول اور پاکستان سٹریم گیس پائپ لائن کی تعمیر کا معاملہ بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔ روس سے سستے تیل اور ایل این جی کی خریداری کے معاملے پر پاکستان سٹریم گیس پائپ لائن پر تین روزہ مذاکرات شروع ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق آج (بقیہ نمبر 33)

قومی اسمبلی؛ صحابہ، اہلبیت وامہات المومنین کی توہین پر عمر قید کی سزا کا قانون منظور

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قومی اسمبلی نے صحابہ کرام واہلبیت عظام وامہات المومنین کی توہین پر عمر قید کی سزا کا بل منظور کرلیا۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ دوران اجلاس جماعت (بقیہ نمبر 34)

ضلع خیبر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کی خصوصی ہدایت

جرگہ مشران کی کوششوں سے 2 فریقین کے درمیان 75 سالہ زمینی تنازعہ حل

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ضلع خیبر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کی خصوصی ہدایت پر لنڈی کوتل پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او آکبر آفریدی ایڈیشنل ایس ایچ او عظمت ولی شینواری اور جرگہ مشران کی کوششوں سے 2 فریقین کے درمیان 75 سالہ زمینی تنازعہ مسئلہ حل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق لنڈی کوتل المخیل میں دو فریقین۔ حاجی سوات خان اور نکیل خان عریف خان کے درمیان زمینی تنازعہ 1947 سے جاری تھا جس میں کئی بار لڑائی جھگڑے اور فائرنگ کے واقعات بھی رونما (بقیہ نمبر 35)

پیمرا کی مظفر گڑھ میں غیر قانونی انڈین چینلز چلانے والے کیبل آپریٹرز کے خلاف کارروائی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کی ہدایات پر پیمرا ریجنل آفس ملتان کے فیلڈ سٹاف نے غیر قانونی انڈین چینلز چلانے والے کیبل آپریٹرز کے خلاف خان گڑھ اور مظفر گڑھ میں کارروائی کی۔ پیمرا ریجنل آفس ملتان نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات اور پیمرا کے ماضی میں جاری کردہ نوٹسز کی روشنی میں کیبل آپریٹرز کے دفاتر کی اچانک انسپیکشن کے دوران دو کیبل آپریٹرز میسرز خان گڑھ کیبل نیٹ ورک خان گڑھ اور میسرز زی کیبل نیٹ (بقیہ نمبر 37)

پنجاب اور کے پی اسمبلی کے انتخابات: الیکشن کمیشن کی تیاریاں شروع

الیکشن کمیشن نے ڈی آر اوز اور آر اوز عدلیہ اور بیوروکریسی سے لینے کا فیصلہ کیا ہے

ایسا تاریخ میں پہلی بار ہوگا کہ صوبائی انتخابات کیلئے گورنرز سے خط وکتابت ہوگی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے پنجاب اور کے پی اسمبلی کے انتخابات کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں تحلیل ہونے کے بعد اب الیکشن کمیشن آف پاکستان نے دونوں صوبوں میں انتخابات کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے گورنرز کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا ہے اور ایسا تاریخ میں پہلی بار ہوگا کہ صوبائی انتخابات کیلئے گورنرز سے خط وکتابت ہوگی۔ گورنرز سے صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات کی حتمی تاریخ لی جائے گی اور الیکشن کمیشن خط میں دونوں گورنرز کو الیکشن کیلئے 3 تاریخیں تجویز کرے گا، گورنر پنجاب اور گورنر خیبر پختونخوا انتخابات کی حتمی تاریخ کا فیصلہ کریں گے۔ الیکشن کمیشن نے ڈی آر اوز اور آر اوز عدلیہ اور بیوروکریسی سے لینے کا فیصلہ کیا ہے اور الیکشن کمیشن جلد ڈی آر اوز اور آر اوز کے لیے افسران کے نام طلب کرے گا۔ الیکشن کمیشن پنجاب انتخابات کیلئے انتخابی عملے کیلئے فہرستیں بھی مانگے گا، فہرستیں (بقیہ نمبر 36)

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی سوئٹزرلینڈ میں پروفیسر کلاز شواب سے ملاقات

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے سوئٹزرلینڈ میں عالمی اقتصادی فورم کے اجلاس کے موقع پر پروفیسر کلاز شواب سے ملاقات کی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پروفیسر کلاز شواب سے مل کر خوشی ہوئی، وزیر خارجہ نے پاکستان کے ساتھ دیرینہ تعلقات پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے پروفیسر کلاز شواب کے (بقیہ نمبر 38)

تحریک انصاف نے نگران وزیر اعلی کیلئے) ن (لیگ کے ناموں کو لطیفہ قرار دے دیا

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے مسلم لیگ) ن (کی جانب سے نگران وزیر اعلی کیلئے دیئے گئے ناموں کو مسترد کرتے ہوئے ان کو لطیفہ قرار دے دیا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تحریک انصاف کے رہنما فواد چودھری نے کہا کہ ہمارے تینوں ناموں پر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا، اچھا ہوگا ہمارے تینوں ناموں میں سے ایک نام پر اتفاق ہو جائے، اپوزیشن کی طرف سے نام (بقیہ نمبر 39)

کے الیکٹرک صارفین کیلئے فی یونٹ قیمت میں 10 روپے 26 پیسے کمی کا امکان

بجلی کی قیمت میں مختلف کیٹگریز میں 1.49 روپے سے لے کر 4.49 روپے اضافے کی منظوری دی تھی

یہ ایڈجسٹمنٹ اکتوبر، نومبر، دسمبر 2022 اور جنوری 2023 میں استعمال کئے گئے یونٹ پر چارج کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا

کراچی (نامہ نگار) کے الیکٹرک کے بجلی صارفین کیلئے اچھی خبر آ گئی، ایک ماہ کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 10 روپے 26 پیسے کمی کا امکان ہے۔ کے الیکٹرک نے نیپرا میں فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کمی کی درخواست دائر کردی، جس کی سماعت 30 جنوری کو ہوگی۔ کے الیکٹرک نے گزشتہ ماہ دسمبر کے ایف سی اے کی مد میں کمی کی درخواست دائر کی تھی۔ مزید پڑھیں: کے الیکٹرک کیلئے بجلی کی قیمت میں 4.49 روپے تک اضافے کی منظوری قبل ازیں نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (نے کے الیکٹرک کیلئے بجلی کی قیمت میں مختلف کیٹگریز میں 1.49 روپے سے لے کر 4.49 (بقیہ نمبر 40)

PESHAWAR ELECTRIC SUPPLY COMPANY
WAPDA
PESCO
پشاور: پشاور ہائیکورٹ نے چیف ایگزیکٹو پیسکو کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا

راولپنڈی پولیس کے شہید کانسٹیبل نوید اصغر کی دوسری برسی

شہدا ہمارا قیمتی اثاثہ اور ہیرو ہیں انکی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا سی پی او

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس تھانہ گوجر خان میں تعینات کانسٹیبل نوید اصغر شہید دوران ڈیوٹی اپنے فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے منشیات فروشوں کی فائرنگ سے 18 جنوری 2021 کو شہادت کے مرتبے پر فائز ہوگئے تھے سی پی او اور راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ شہدا ہمارا اثاثہ اور ہیرو ہیں شہدا پولیس کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا آج شہید کانسٹیبل نوید اصغر کی دوسری برسی انکے آبائی علاقے دولتالہ میں منائی گی شہید کانسٹیبل نوید اصغر 18 جنوری (بقیہ نمبر 31)

ڈگری ٹاؤن کمیٹی کی نااہلی اور عدم توجہ کے مناظر منزل عام

ڈگری ٹاؤن کمیٹی، باعث شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام مزید ابتر ہوچکا ہے

ڈگری (محمد عاصم آرائیں) ڈگری ٹاؤن کمیٹی کی نااہلی اور عدم توجہی کے باعث شہر کے علاقے کچرا کنڈی میں بدل چکے ہیں۔ تنخواہوں میں اضافے اور مستقل کرنے کے مطالبات تسلیم نہ ہونے پر گذشتہ گیارہ سال سے ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے سینیٹری ورکرز کے آٹھ روز سے ہڑتال پر چلے جانے کے باعث شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام مزید ابتر ہوچکا ہے۔ ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے ان ورکرز کا کہنا ہے کہ گذشتہ گیارہ برسوں سے انہیں مستقل کیے بغیر ان سے صرف چودہ ہزار سلیری پر کام لیا جارہا ہے۔ جو اس مہنگائی کے دور میں انتہائی ناکافی نامناسب سلیری ہے۔ دوسری جانب اطلاعات ہیں کہ ٹاؤن انتظامیہ (بقیہ نمبر 44)

توہین الیکشن کمیشن کیس، عمران خان کی عدم پیشی پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) توہین الیکشن کمیشن کیس میں عمران خان کی عدم پیشی پر فیصلہ محفوظ کر کے سماعت 24 جنوری تک ملتوی کردی گئی۔ الیکشن کمیشن میں عمران خان، اسد عمر اور فواد (بقیہ نمبر 42)

بے نظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی، پشاور کے 18 ویں یوم تاسیس

گورنر حاجی غلام علی، ڈائریکٹر آفریدی میڈیکل کمپلیکس ریاض احمد آفریدی کی شرکت

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) گورنر حاجی غلام علی کے ہمراہ ڈائریکٹر آفریدی میڈیکل کمپلیکس اینڈ ٹیچنگ ہسپتال ریاض احمد آفریدی نے شہید بے نظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی، پشاور کے 18 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ خواتین کسی ملک اور اس کی معیشت کی ترقی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ہمارے ملک میں 52 فیصد خواتین ہیں اور ہمارا وژن انہیں (بقیہ نمبر 41)

HEED BENAZIR BHUTTO
EN UNIVE
PESH
ضلع خیبر: گورنر KPK غلام علی، ڈائریکٹر AMC&TH ریاض احمد آفریدی کو اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN
اسلام آباد: الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تیاریاں تیز کردیں

بلدیاتی الیکشن میں بیلٹ باکس کھولنے کی کوشش پر فردوس شمیم کیخلاف مقدمہ درج

کراچی (نامہ نگار) کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے دوران بیلٹ باکس کھولنے کی کوشش پر پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فردوس شمیم نقوی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ رہنما پی ٹی آئی فردوس شمیم نقوی نے یوسی 2 تحصیل میونسپل کمیٹی جناح میں بیلٹ باکس کی سیلیں کھول کر دکھائی تھیں۔ فردوس شمیم نقوی کا اعتراض (بقیہ نمبر 43)

اشرف محمود وتھرا نیشنل بینک بورڈ آف ڈائریکٹر کے چیئرمین تعینات

اشرف محمود وتھرا کی تعیناتی 3 سال کے عرصے کے لئے کی گئی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت خزانہ نے اشرف محمود وتھرا کو نیشنل بینک بورڈ آف ڈائریکٹر کا چیئرمین تعینات کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اشرف محمود وتھرا کی تعیناتی 3 سال کے عرصے کے لئے کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں نیشنل بینک کے لئے 2 ڈائریکٹرز کی تعیناتیاں بھی کردی گئی ہیں، نسیم احمد اور علی سید کو ڈائریکٹر نیشنل بینک تعینات کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ نے اشرف محمود وتھرا کو نیشنل بینک بورڈ آف ڈائریکٹر کا چیئرمین تعینات کردیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اشرف محمود وتھرا کی تعیناتی 3 سال کے عرصے کے لئے کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں نیشنل بینک کے لئے 2 ڈائریکٹرز کی تعیناتیاں بھی کردی گئی ہیں، نسیم احمد اور علی سید کو ڈائریکٹر نیشنل بینک تعینات کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ نے اشرف محمود وتھرا کو نیشنل بینک بورڈ آف ڈائریکٹر کا چیئرمین تعینات کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اشرف محمود وتھرا کی تعیناتی (بقیہ نمبر 45)

بلدیاتی انتخابات PP نے الیکشن کمیشن سے مل کر کاروائی ڈالی، حافظ نعیم الرحمان

انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی شہریوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے، ہم نے ہر مرحلے پر عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی ہے

امیر جماعت اسلامی کراچی کا کہنا تھا کہ ہم جانتے تھے کہ حلقہ بندیاں اور ووٹر لسٹیں درست نہیں ہیں اس کے باوجود ہم الیکشن میں گئے

کراچی (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی نے الیکشن کمیشن سے مل کر کاروائی ڈالی ہے۔ کراچی میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی کا کہنا تھا کہ ہم جانتے تھے کہ حلقہ بندیاں اور ووٹر لسٹیں درست نہیں ہیں اس کے باوجود ہم الیکشن میں گئے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی کراچی کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھری ہے، کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کا ساتھ دیا ہے، جماعت اسلامی کے ووٹ پیپلز پارٹی سے بھی دوگنا زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی شہریوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے، ہم نے ہر مرحلے پر عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کی ناک کے نیچے آر اوز نے نتائج تبدیل کئے ہیں، تین سے چار مرتبہ الیکشن ملتوی کرائے گئے، پیپلز پارٹی نے غیر جمہوری رویہ اپنایا ہے، ضرورت پڑی تو پورے ملک کی شاہراہیں جام کردیں گے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی نے الیکشن کمیشن سے مل کر کاروائی ڈالی ہے۔ کراچی میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی کا کہنا تھا کہ ہم جانتے تھے کہ حلقہ بندیاں اور ووٹر لسٹیں درست نہیں ہیں اس کے باوجود ہم الیکشن میں گئے۔ حافظ نعیم (بقیہ نمبر 46)

PPP کیخلاف سازش کو جمہوریت کیساتھ جنگ سمجھیں گے، مولا بخش چانڈیو

پیپلز پارٹی کے خلاف سازش کو جمہوریت کے خلاف جنگ سمجھا جائے گا، سراج الحق سے توقع ہے کہ وہ سیاسی فیصلہ کریں گے

کراچی بلدیاتی انتخاب میں ایک دوسرے کے مینڈیٹ کا احترام کریں، عمران خان نے سیاسی طور پر پیچھے کا سفر شروع کردیا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی) پی پی پی (کے سینئر رہنما اور سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے خلاف سازش کو جمہوریت کے خلاف جنگ سمجھا جائے گا، سراج الحق سے توقع ہے کہ وہ سیاسی فیصلہ کریں گے۔ پریس کانفرس سے گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا کہ پاکستان میں ایک مدت سے افراتفری کی فضا قائم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، پیپلز پارٹی نے بائیکاٹ کرنے والی سیاسی جماعتوں کو انتخابات میں حصہ لینے کا مشورہ دیا، سراج الحق کی سیاسی جماعت کی روح میں پیپلز پارٹی کی مخالفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی بلدیاتی انتخاب میں ایک دوسرے کے مینڈیٹ کا احترام کریں، عمران خان نے سیاسی طور پر پیچھے کا سفر شروع کردیا ہے، ہم روشن خیال لوگ ہیں، نسل پرستی کا راستہ روکنے کے لئے مل بیٹھنے کو تیار ہیں۔ رہنما پیپلز پارٹی کا مزید کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے مینڈیٹ کا احترام ہے، جماعت اسلامی ہمارے مینڈیٹ کا احترام کرے، کراچی کو آگ اور خون میں (بقیہ نمبر 48)

الیکشن کمیشن نے 25 اراکین پارلیمنٹ کی رکنیت بحال کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) الیکشن کمیشن نے 25 اراکین پارلیمنٹ کی رکنیت بحال کردی ہے جس میں سینیٹ کے 4 اور قومی اسمبلی کے 21 اراکین شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق سینیٹر احمد خان اور سینیٹر انوار الحق کاکڑ کی رکنیت (بقیہ نمبر 49)

صحافی کو حبس بیجا میں رکھنے اوالے 03 ملزمان چند گھنٹوں میں گرفتار

گرفتار ملزمان میں راشد، بلال اور خان زادہ شامل ہیں، رتہ امرال پولیس

تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس کو صحافی محمد نعمان نے درخواست دی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) رتہ امرال پولیس کی فوری کاروائی، صحافی کو حبس بیجا میں رکھنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 03 ملزمان چند گھنٹوں میں گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس کو صحافی محمد نعمان نے درخواست دی کہ ملزمان نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ مجھے حبس بیجا میں رکھا اور اسلحہ کی نوک پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، ملزمان کے خلاف صحافی کی مدعیت میں تھانہ رتہ امرال میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، رتہ امرال پولیس نے فوری کاروائی کرتے ہوئے صحافی کو حبس بیجا میں رکھنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 03 ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں راشد، بلال اور خان زادہ شامل ہیں،، ایس ایچ او رتی امرال نے بتایا کہ میرٹ پر مقدمہ کی تفتیش کو یقینی بنایا جائے گا، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ کا کہنا تھا کہ قانون شکنی ناقابل برداشت ہے ایسے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ رتہ امرال پولیس کی فوری کاروائی، صحافی کو حبس بیجا میں رکھنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے 03 ملزمان چند گھنٹوں میں گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس کو صحافی محمد نعمان نے درخواست دی کہ ملزمان نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ مجھے حبس (بقیہ نمبر 47)

ڈی سی آفس کیماڑی کے باہر سیاسی کارکنوں کا تصادم

احتجاج کے دوران ضلع کیماڑی کا ڈی آر او آفس میدان جنگ بن گیا

کراچی (نیوز رپورٹر) بلدیاتی الیکشن میں دھاندلی کے خلاف احتجاج کے دوران ضلع کیماڑی کا ڈی آر او آفس میدان جنگ بن گیا، تحریک انصاف اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے ایک دوسرے پر پتھرا کیا جبکہ جیالوں کے حملے میں پی ٹی آئی رہنما علی زیدی زخمی ہوگئے۔ پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کی جانب سے بلدیاتی الیکشن میں دھاندلی کے خلاف ضلع کیماڑی کے ڈی آر او دفتر کے باہر احتجاج جاری تھا کہ اس دوران پیپلز پارٹی کے کارکن بھی آگئے، دونوں پارٹیوں کے کارکنوں نے ایک دوسرے کے خلاف نعرے بازی کی اور لاٹھیاں بھی برسائیں۔ صورتحال کشیدہ ہونے کے بعد دونوں جانب سے پتھرا کیا گیا، حالات کو سنبھالے کیلئے پولیس کی بھاری نفری بھی موقع پر پہنچ گئی لیکن وہ ناکام رہی، پتھراؤ سے قریبی مسجد کے شیشے ٹوٹ گئے جبکہ دنیا نیوز کے رپورٹر علی مہدی اور کیمرا مین فرحان احمد زخمی ہوئے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی زیدی موقع پر پہنچے تو پیپلز پارٹی کے جیالوں نے ان پر بھی حملہ کردیا جس کی وجہ (بقیہ نمبر 50)

کورونا کے مثبت کیسز میں نمایاں کمی، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی ادارہ صحت) این آئی ایچ (نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 1 ہزار 865 کورونا ٹیسٹ کیے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1 ہزار 865 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 05 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 0.27 فیصد رہی ہے (بقیہ نمبر 51)

ELECTION
COMMISSION
OF
PAKISTAN
اسلام آباد: پنجاب اور کے پی اسمبلی کے انتخابات: الیکشن کمیشن نے تیاریاں شروع کردیں

باڑہ۔ ڈی پی او خیبر عمران خان کی خصوصی ہدایت

چیک پوسٹوں کے دورے امن وامان قائم رکھنا اولین ترجیحات

مختلف چیک پوسٹوں میں تعینات اہلکاروں کو سخت ہدایت بھی جاری کیئے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) باڑہ۔ ڈی پی او خیبر عمران خان کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او باڑہ شمشاد آفریدی کا تھانہ باڑہ کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں پرناکہ بندیاں اور مختلف چیک پوسٹوں کے دورے امن وامان قائم رکھنا اولین ترجیحات ہیں کیسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں، باڑہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہمہ وقت چوکس کھڑی ہے۔ ایس ایچ او تھانہ باڑہ شمشاد آفریدی، اس موقع پر مختلف چیک پوسٹوں میں تعینات اہلکاروں کو سخت ہدایت بھی جاری کیئے۔ اس موقع پر انسپکٹر ارشد خان آفریدی نے پولیو مہم کے دوران دفعہ 144 کے نفاذ کو یقینی بناتے ہوئے باڑہ تحصیل میں موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 54)

حکومت نے گیس کی قیمتوں میں اضافے کا عندیہ دے دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ گیس کی قیمت نہ بڑھانے سے قومی خزانے پر بوجھ پڑ رہا ہے، مہنگی گیس لے کر صارفین کو سستی گیس نہیں دے سکتے، مناسب وقت میں گیس کی قیمت بڑھانی ہوگی۔ سینیٹ کا اجلاس چیئرمین صادق سنجرانی کی (بقیہ نمبر 53)

روسی وفد نے تیل اور گیس کی فراہمی سے متعلق پیشکش دے دی

پہلے مرحلے میں روس اور پاکستان کے ماہرین نے مذاکرات کیے، ذرائع

اسلام آباد (نامہ نگار) روس سے خام تیل، پٹرولیم مصنوعات اور گیس کی خریداری کے سلسلہ میں روس اور پاکستان کے مابین مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہوگیا، روسی وفد نے تیل اور گیس کی فراہمی سے متعلق پیشکش دے دی۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں روس اور پاکستان کے ماہرین نے مذاکرات کیے، روسی وفد کی قیادت ڈپٹی ڈائریکٹر شین اقتصادی امور اسرافیل علی زادے نے کی، پاکستانی وفد کی قیادت ایڈیشنل سیکرٹری اقتصادی امور کاظم نیاز نے کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکنیکل سیشن میں دونوں ملکوں نے (بقیہ نمبر 52)

قانون کے باوجود خواتین کی وارثت میں حصے کیلئے جدوجہد اور مشکلات

لاہور (خصوصی رپورٹر) 45 سالہ خالدہ بی بی جن کے شوہر کا چند سال قبل انتقال ہوگیا تھا شکر گڑھ میں ایک چھوٹے سے مکان میں رہتی ہیں۔ چند ماہ سے وہ اپنے بھائیوں سے وراثت میں اپنا حق حاصل کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔ ان کے چار بچے ہیں۔ خالدہ بی بی کا کہنا ہے کہ میرے لیے کرائے (بقیہ نمبر 56)

قومی ایئر لائنز کے آپریشنل بیڑے میں 2 طیاروں کا اضافہ

مشکل معاشی حالات کے باوجود حکومت پی آئی اے کی ترقی کیلئے سرگرم ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پی آئی اے کے آپریشنل بیڑے میں جہازوں کی تعداد میں اضافہ جاری ہے، 24 گھنٹے کے دوران آپریشنل بیڑے میں 2 طیاروں کا اضافہ ہوگیا۔ مشکل معاشی حالات کے باوجود حکومت پی آئی اے کی ترقی کیلئے سرگرم ہے، گزشتہ دنوں آنے والا نیا ایئربس 320 طیارہ شیڈول میں شامل ہوگیا، نئے ایئربس 320 نے پی کے 309 کی حیثیت سے اسلام آباد تا کراچی (بقیہ نمبر 55)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت
نمائندگان
عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
awami
LALKAAR
دنیا بھر سے میل / فی میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنسیز کی ضرورت ہے
0312-7786354